*Question No. 7 **Senator Samina Mumtaz Zehri:** *Will the Minister for Law and Justice be pleased to state:*

*(a) whether it is a fact that as per section 14 of "Pakistan Bar Council Legal Education Rules, 2015", all Law Degree awarding institutions are to be inspected by inspection teams appointed by the Legal Education Committee of Pakistan Bar Council, if so, the number of inspection teams formed by the said committee during the last five years indicting also the composition/members of each of these teams;*

*(b) the details of inspections conducted by these inspection teams during the said period; and*

*(c) the details of the recommendations/actions proposed by each of these teams during the said period?*

**Mr. Azam Nazeer Tarar:** (a) This is to inform that Rule 14 of the "Pakistan Bar Council Legal Education Rules, 2015 (Rules) provides mandate to the Legal Education Committee (LEC) to appoint inspection team consisting upon one or more Members to conduct inspection of the Law Degree Awarding Institutions (DAI's) in the Country. Consequently, the Legal Education Committee during the last five years constituted several inspection teams.

(b) The number of inspection teams, date of constitution of inspection team, names of Member/s of inspection teams, recommendations/actions proposed and name & Locations of Universities/Law Colleges recognized by the Pakistan Bar Council, during the last five years, are detailed below; (Annex-A)

(c) During the last five years about 43 inspection teams were constituted comprising on one, two & three Members of the Pakistan Bar Council and also some Members of the Punjab Bar Council were made their part for inspection of 43 Degree Awarding Institutions/ Universities/ Law Colleges. These inspection teams after inspection recommended to 28 Degree Awarding Institutions/ Universities for provisional recognition and 3 for permanently recognition for LL.B. programme and one for LL.M. programme. However, 8 cases of recognition/ permanent recognition/ enhancement of seats of LL.B. programmes and 1 for LL.M. programme, are under process. Two cases of LL.M. programme have been refused. The names and the location/ place of the

recognized Universities are mentioned in column (iv) above.

## Annex-A

| S. No. | Inspection team appointed by LEC with date of meeting | Composition/Members of Inspection Team | Name of Law DAI's/ University/College & their level of qualification. | Recommendations/Actions |
|---|---|---|---|---|
| 1. | 27-12-2018 | (i) Mr. Akhtar Hussain & (ii) Syed Amjad Shah, Members, LEC. | Zia-ud-Din University, Karachi for LL.B. degree. | Recommended that University may be recognized provisionally for one year. **(Provisionally recognized)** |
| 2. | 27-12-2018 | (i) Mr. AzamNazeerTarar, Chairman, LEC & (ii) Mr. Hafeez-ur-Rehman Chaudhry Member, LEC. | Riphah International University, Lahore Campus for LL.B. degree. | After twice inspection, found that the Institute is adhering to all regulatory formalities and recommended for recognition. **(Permanently recognized)** |
| 3. | 16-03-2019 | (i) Syed Amjad Shah, Vice-Chairman, PBC & (ii) Mr. Akhtar Hussain, Member, PBC. | Mirpur University of Science & Technology (MUST), AJK for LL.B. degree. | Recommended for provisionally recognition subject to fulfill certain deficiencies. **(Provisionally recognized)** |
| 4. | 23-11-2019 | (i) Mr. Saleem Akhtar & (ii) Mr. Nadeem Ahmed Tarar, Members, Punjab Bar Council | The University of Okara, Okara for LL.B. programme. | Recommended for recognition subject to furnish certain documents. **(Provisionally recognized)** |
| 5. | 08-10-2020 | Mr. Saleem Akhtar Katchela,Member, Punjab Bar Council | The University of Faisalabad, Faisalabad for LL.B. degree. | Recommendations were made for recognition. **(Provisionally recognized)** |
| 6. | 15-09-2017 | (i) Mr. Hafeez-ur-Rehman Chaudhry & (ii) Mr. AbidSaqi, Members, PBC. | Minhaj University, Lahore for LL.B. degree. | Recommended for grant of provisional recognition to the University. **(Provisionally recognized)** |
| 7. | 15-09-2017 | Mr. AzamNazeerTarar, Chairman, LEC. | Kinnaird College for Women, Lahore for LL.B. degree. | Recommended for provisional recognition. **(Permanently recognized)** |
| 8. | 02-07-2021 | Mr. AzamNazeerTarar, Chairman, LEC. | The Superior College, Lahore for LL.B. & LL.M. degrees. | Recommended for provisional recognition for both programmes. **(Provisionally recognized)** |
| 9. | 07-08-2020 | (i) Hafiz Muhammad Idris Sh., Member, PBC. & (ii) Secretary, PBC. | National University of Science and Technology, (NUST), Islamabad for LL.B. degree. | Recommended for provisional recognition subject to fulfill deficiencies. **(Provisionally recognized)** |
| 10. | 02-07-2021 | (i) Mirza Aziz Akbar Baig, Members& (ii) Ch. Tahir Nasrullah Warraich. | Institute of Southern Punjab, Multan for LL.B. degree. | Recommended provisional recognition for six months. **(Provisionally recognized)** |
| 11 | 02-07-2021 | (i) Mirza Aziz Akbar Baig, Members& (ii) Ch. Tahir Nasrullah Warraich. | Times Institute, Multan for LL.B. degree. | Recommended provisional recognition for six months. **(Provisionally recognized)** |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 12. | 02-07-2021 | Mr. AzamNazeerTarar, Chairman, LEC. | Green International University, Lahore for LL.B. degree. | Recommended for provisional recognition subject to fulfill deficiency regarding Faculty Members. **(Provisionally recognized)** |
| 13. | 14-07-2021 | Syed Amjad Shah, Member, PBC. | University of Science and Technology, Bannu for LL.B. degree. | Recommended for provisional recognition but final approval is yet to be granted. **(Provisionally recognized)** |
| 14. | 18-01-2022 | Mr. Haroon-ur-Rashid, Member, PBC. | Quaid-e-Azam University, Islamabad for LL.B. degree. | Recommended to grant recognition, since the University meets the requirements of Rules. **(Permanently recognized)** |
| 15. | 14-10-2021 | Mr. AzamNazeerTarar, Chairman, LEC. | Government College University, Lahore for LL.B. degree. | Recommended for provisional recognition. **(Provisionally recognized)** |
| 16. | 21-06-2021 | (i) Mr. Haroon-ur-Rashid & (ii) Syed Amjad Shah, Members, PBC. | University of Sahiwal, Sahiwal for LL.B. degree. | Recommended for one year provisional recognition subject to fulfill deficiencies. **(Provisionally recognized)** |
| 17. | 21-09-2022 | Mr. Haroon-ur-Rashid, Member, PBC. | Al-Karam International Institute, Bhera for LL.B. degree. | Recommended to grant one year provisional recognition. **(Provisionally recognized)** |
| 18. | 21-09-2022 | Syed Qalb-i-Hassan, Member, PBC. | IBADAT International University, Islamabad for LL.B. degree. | Recommended to grant one year provisional recognition. **(Provisionally recognized)** |
| 19. | 14-12-2022 | (i) Syed Amjad Shah, Member, PBC. (ii) Mr. Usama Malik, Director, Directorate of Legal Education. | International Institute of Science, Arts and Technology, (IISAT), Gujranwala for LL.B. degree. | Recommended to grant one year provisional recognition. **(Provisionally recognized)** |
| 20. | 14-12-2022 | Syed Qalb-i-Hassan, Member, PBC. | Mohi-ud-Din Islamic University, Nerian Sharif, AJK for LL.B. degree. | Recommended to grant one year provisional recognition. **(Provisionally recognized)** |
| 21. | 14-12-2022 | Mr. Muhammad Ahsan Bhoon, Chairman, LEC. | Rashid Latif Khan University, Lahore for LL.B. degree. | Recommended to grant one year provisional recognition. **(Provisionally recognized)** |
| 22. | 21-09-2022 | (i) Mirza Aziz Akbar Baig, (ii) Pir Muhammad Masood Chishti,Members, PBC & (iii) Mr. Abdul Basit Baloch, Member, Punjab Bar Council | Khawaja Fareed University of Engineering and Information Technology, Rahim Yar Khan for LL.B. degree. | Recommended for recognition & granted for one year provisionally. **(Provisionally recognized)** |
| 23. | 21-09-2022 | (i) Mr. Haroon-ur-Rashid & (ii) Mr. Hassan Raza Pasha, Members, PBC. | My University, Islamabad for LL.B. degree. | Recommdeded after 2nd inspection but formal approval is yet to be granted by the PBC. **(Provisionally recognized)** |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 24. | 14-12-2022 | (i) Syed Amjad Shah &<br>(ii) Mr. KhushDil Khan, Members | Shaheed Benazir Bhutto University, Sheringal, Dir Upper for LL.B. degree. | Recommended to grant one year provisional recognition. **(Provisionally recognized)** |
| 25. | 27-03-2023 | Ch. Tahir Nasrullah Warraich, Member, PBC. | The University of Chenab, Gujrat for LL.B. degree. | Recommended to grant one year provisional recognition. **(Provisionally recognized)** |
| 26. | 27-03-2023 | Ch. Tahir Nasrullah Warraich, Member, PBC. | Grand Asian University, Sailkot for LL.B. degree. | Recommended to grant one year provisional recognition. **(Provisionally recognized)** |
| 27. | 27-03-2023 | Ch. Tahir Nasrullah Warraich, Member, PBC. | The Islamia University of Bahawalpur for LL.B. Shariah& Law. | Not recommended due to non-availability of infrastructure and Faculty. |
| 28. | 23-06-2023 | (i) Syed Amjad Shah &<br>(ii) Ch. Tahir Nasrullah Warraich, Members, PBC. | University of Sargodha for LL.M. degree. | Banned fresh admissions in LL.B. & LL.M. programmes due to non-compliance of Rules of the PBC. |
| 29. | 08-09-2023 | Syed Qalb-i-Hassan, Member, PBC. | Metropolitan University, Karachi for LL.B. degree. | Not Recommended due to deficiencies and asked to fulfill deficiencies. |
| 30. | 09-09-2023 | Ch. Tahir Nasrullah Warraich, Member, PBC. | Superior Law College, Lahore for permanent recognition of LL.B. & LL. M. Programme. | Recommended by Inspection Team but formal approval is yet to be granted **(In process)** |
| 31. | 09-09-2023 | Ch. Tahir Nasrullah Warraich, Member, PBC. | University of Central Punjab, Lahore for additional seats of LL.B. programme. | Recommended by Inspection Team but formal approval is yet to be granted. **(In process)** |
| 32. | 21-11-2023 | Mr. Riazat Ali Sahar, Vice-Chairman, PBC. | Shaheed Benazir Bhutto University, Shaheed Benazirabad for LL.B. degree. | Recommended but formal recognition is yet to be granted. **(In process)** |
| 33. | 21-11-2023 | (i) Mr. Haroon-ur-Rashid &<br>(ii) Ch. Tahir Nasrullah Warraich, Members, PBC. | The University of Faisalabad for extension in provisional recognition of LL.B. programme and approval to start LL.M. programme. | Recommended but formal recognition/approval is yet to be granted. **(In process)** |
| 34. | 21-11-2023 | (i)Mr. Haroon-ur-Rashid &<br>(ii) Ch. Tahir Nasrullah Warraich, Members, PBC. | ~~ShifaTameer-e-Millat~~ University, Islamabad for recognition of LL.B. Shariah& Law Programme. | Recommended subject to certain conditions and formal recognition is yet to be granted. **(In process)** |
| 35. | 14-12-2022 | Ch. Tahir Nasrullah Warraich, Member, PBC. | Grand Asian University, Sailkot for LL.B. degree. | Recommended to grant one year provisional recognition. **(Provisionally recognized)** |
| 36. | 14-12-2022 | (i) Mr. Hassan Raza Pasha &<br>(ii) Syed Amjad Shah, Members, PBC. | University of Chakwal, Chakwal for LL.B. degree. | Recommended to grant one year provisional recognition. **(Provisionally recognized)** |
| 37. | 20-01-2023 | (i) Syed Amjad Shah,<br>(ii) Mr. KhushDil Khan & | The University of Haripur, Haripur for LL.B. degree. | Recommended to grant one year provisional recognition. |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | (iii) Ch. Tahir Nasrullah Warraich, Members, PBC. | | **(Provisionally recognized)** |
| 38. | 08-09-2023 | (i) Mr. Haroon-ur-Rashid & (ii) Mr. Hassan Raza Pasha, Members, PBC. | Multan University of Science and Technology, Multan for LL.B. degree. | Recommended to grant one year provisional recognition. **(Provisionally recognized)** |
| 39. | 08-09-2023 | i) Ch. Tahir Nasrullah Warraich& (ii) Syed Amjad Shah, Members, PBC. | The University of Gujrat, Gujrat for LL.M. programme. | Not recommended and given six months time to remove deficiencies. |
| 40. | 09-09-2023 | Pir Muhammad Masood Chishti, Member, PBC. | The University of Sialkot for permanent recognition of LL.B. programme and enhancement of seats of LL.B. programme. | Recommended but permanent recognition/ approval is not yet granted. **(In process)** |
| 41. | 09-11-2023 | Ch. Tahir Nasrullah Warraich, Member, PBC. | The University of Lahore for enhancement of seats of LL.B. programme. | Recommended but final approval is yet not granted. **(In process)** |
| 42. | 21-11-2023 | (i) Mr. Haroon-ur-Rashid & (ii) Syed Amjad Shah, Members, PBC. | Kohat University of Science & Technology, Kohat for recognition of its LL.B. programme | Not satisfactory report and suggested to remove deficiencies. **(In process)** |
| 43. | 27-04-2024 | Ch. Tahir Nasrullah Warraich, Member, PBC. | Grand Asian University, Sialkot for LL.M. programme. | Recommended by Inspection team but final approval has not yet been granted. **(In process)** |

**MEMBERS OF LEGAL EDUCATION COMMITTEE OF THE PAKISTAN BAR COUNCIL NOMINATED BY THE COUNCIL IN ITS 241ST MEETING HELD ON 22-01-2024.**

| | | |
|---|---|---|
| (i) | Syed Qalb-e-Hassan from Islamabad | Chairman |
| (ii) | Mr. Muhammad Ahsan Bhoon from Lahore | Member |
| (iii) | Mr. KhushDil Khan from Peshawar | Member |
| (iv) | Syed Amjad Shah from Abbottabad | Member |
| (v) | Ch. Tahir NasrullahWarraichfrom Lahore | Member |
| (vi) | Mr. Muhammad Tariq Afridi from Peshawar | Member |

Mr. Chairman: Any supplementary question?

Senator Samina Mumtaz Zehri: Thank you, Minister Sahib, for such a detailed answer but I just have to ask a supplementary question with this that the standards you are using, the criteria that is being used for these teams

جو کہ Law colleges کی recognition کر رہے ہیں۔ کیا وہ international standard کے مطابق ہیں؟

جناب چیئرمین! میرا دوسرا سوال ہے کہ

how many Law colleges and Universities have been declared to be performing below the standard in the years 2023 and 2024? Thank you.

Mr. Chairman: Yes, Minister for Law.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! اس سوال کا جواب دیتے ہوئے میں تھوڑا سا advantage پر ہوں گا کیونکہ پاکستان بار کونسل کے چیئرمین ، فاروق نائیک صاحب تشریف رکھتے ہیں۔ یہ جو Legal Education Committee ہے میں نے خود اس کو دس سال تک Chair کیا ہے۔ Legal Education Committee کا role almost legal education میں وہی ہے جو Pakistan Medical and Dental Council کا medical کی تعلیم کے لیے ہے۔ پاکستان بار کونسل چونکہ elected body ہے اور اس میں سارے ممبران honourary کام کرتے ہیں۔ وکلاء کے نمائندے ہر صوبے سے آتے ہیں۔ پہلے تو یہ محسوس کیا گیا کہ وہاں پر اتنا time نہیں دیا جاتا جتنا required ہے تو پھر ہم نے Directorate of Legal Education قائم کیا جو کہ بہت پرانا مطالبہ تھا۔ ایک مقدمے میں سپریم کورٹ کی direction بھی تھی۔ پاکستان بار کونسل بھی اس میں فریق تھا۔ بہرکیف پچھلی حکومت میں ہم نے پہلی مرتبہ Directorate of Legal Education قائم کر لیا جو کہ پاکستان بار کونسل میں housed ہے اور وہ 95 courses پورے پاکستان میں فراہم کر رہا ہے۔ یہ ایک Federal subject ہے جو کہ regulatory authority ہے۔

آپ نے پوچھا ہے کہ دو سالوں میں Legal Education Committee کی کارکردگی کیا رہی ہے؟ Inspection Committee نے مختلف مقامات کے 43 visit کیے ہیں۔ اس کی تفصیل ہم نے بتائی ہے۔ انہوں نے 28 کے قریب کالجوں کو low standard declare کیا ہے اور ان کالجوں کو متعلقہ یونیورسٹیوں نے de-affiliate کیا ہے۔ طریقہ کار یہ ہوتا ہے کہ جو affiliation ہے وہ یونیورسٹیوں کے ساتھ ہوتی ہے۔ پاکستان بار کونسل ان کا regulator ضرور ہے لیکن ہم خود affiliation نہیں

دیتے کیونکہ قانون کے تحت یہ ہمارا مینڈیٹ نہیں ہے۔ ہم ان کے جو minimum standards ہیں ان پر recommend کرتے ہیں کہ ان کو de-affiliate کر دیا جائے۔ جب ان کی affiliation کی بات ہوتی ہے تو وہ matter بھی between the College, University and HEC ہوتا ہے لیکن اب ہم نے یہ کیا ہے کہ پاکستان بار کونسل before grant of affiliation اپنا ایک opinion دیتا ہے جسے No Objection Certificate بھی کہتے ہیں۔ اصل میں ہم یونیورسٹیوں کو regulate کرتے ہیں in parting legal education and de-affiliating legal education for Law Colleges. تو میں نے اس تناظر میں آپ کو وضاحت کے ساتھ کہا۔

آپ نے پوچھا ہے کہ Internal Standard پر یہ ہے کہ نہیں۔ آپ کو یاد ہے کہ Law کی ڈگری میرے سینیئر قانون دان تشریف رکھتے ہیں۔ یہ lucky لوگ تھے۔ ہم لوگوں نے دو سال میں کی ہے۔ پھر 1992 میں بی اے کے بعد Law کی ڈگری کے لیے تین سال کا پروگرام introduce کروایا گیا۔ شام کی کلاسیں بھی ہوتی تھیں اور ہم نے بہت زیادہ inflow دیکھا۔ ایک flood آیا۔ آبادی کا بڑھنا بھی اس کی وجہ تھی۔ اس کو پھر regulate کرنے کے لیے ہم نے پانچ سالہ پروگرام introduce کروایا جس کے لیے ہمیں بہت زیادہ efforts کرنا پڑیں۔ 31 دسمبر 2018 کو تین سالہ پروگرام مکمل طور پر بند کر دیا گیا۔ 31 دسمبر 2018 کے بعد شام کی کلاسیں بالکل بند کر دی گئیں۔ 31 دسمبر 2018 کے بعد ہر Law School جو نیا کھلتا ہے اس کو سو سیٹیں دی جاتی ہیں۔ اس سے زیادہ سیٹیں نہیں دی جاتی ہیں تاکہ وہ طلباء کو properly attend کریں۔ پورے پاکستان میں پانچ سالہ پروگرام رائج ہے۔ سمسٹر سسٹم میں بھی پڑھایا جاتا ہے اور annual طریقے سے پڑھایا جاتا ہے۔ Syllabus Committee پاکستان بار کونسل اور HEC مل کر بناتی ہے۔ اس کو تیار کرنے کے لیے ہم نے نہ صرف local experts کا سہارا لیا ہے بلکہ پاکستان بار کونسل کے ممبران نے اپنے خرچ پر UK جس کا Common Law jurisdiction کے حوالے سے بہت اہم role رہا ہے۔ UK کی یونیورسٹیوں کا visit کیا اور وہاں کے experts نے ہمیں honourary services دی ہیں۔ پھر ان models کو ان کے ساتھ discuss کرکے ان کو فائنل کر دیا تھا۔

جناب چیئرمین! میں concludeایسے کروں گا کہ آج سے دس سال پہلے جو صورت حال تھی اس سے آج بہت بہتر ہے۔

Mr. Chairman: Thank you. Order No. 3. I will request Senator Saleem Mandviwalla, Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue, may move Order No. 3.

**Presentation of the report of the Standing Committee on Finance and Revenue on the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) (Amendment) Bill, 2024**

Senator Saleem Mandviwalla: Thank you, Mr. Chairman, I, Senator Saleem Mandviwalla, Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue, present report of the Committee on the Bill to amend the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 [The State-Owned Enterprises (Governance and Operations) (Amendment) Bill, 2024].

Mr. Chairman: Report stands laid. Yes, Law Minister Sahib.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! میں نے تو یہ گزارش کی تھی کہ یہ ایک بے ضرر سا بل ہے۔ Minster for Finance بھی تشریف رکھتے ہیں۔ اگر اس بل کو پاس کر دیا جائے۔ ابھی اس بل نے قومی اسمبلی میں بھی جانا ہے۔ IMFکی بھی کچھ requirements تھیں کہ بورڈ کی جو reconstitution ہے اس میں حکومتی اختیار کو زرا کم کیا جائے اور اس کو independentرکھا جائے۔ SOE Actکے حوالے سے یہ تھا۔ اسی کے تناظر میں یہ ہے۔ Business Advisory Committee کے دوران meeting PTI Parliamentary Leader, Ali Zafar Sahibنے کہا تھا کہ اس کو صبح take upکر لیا جائے۔ آج نہ کریں کیونکہ Order of the Dayمیں موجود نہیں ہے۔ میں نے منسٹر صاحب سے بات کی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ

ٹھیک ہے یہ کل کے ایجنڈے پر آ جائے گا۔ اس کو consider کر لیں۔ یہ کمیٹی سے ہو کر آیا ہے۔

Mr. Chairman: Leader of the Opposition. It is O.K.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! ابھی اگر passage ہو سکتا ہے تو کر لیں کیونکہ اس میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے۔

Senator Shibli Faraz (Leader of the Opposition): Sir, our Parliamentary Leader is suggesting that he has gone through the Bill and he thinks that it is O.K.

جناب چیئرمین: رپورٹ تو lay ہو گئی۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میری صرف یہ استدعا تھی کہ supplementary میں یہ بل تیار پڑا ہے اگر اس کو پاس کر دیا جائے۔ جناب چیئرمین! یہ ایک پارلیمانی business ہے۔ اس میں کوئی ایسی متنازع چیز نہیں ہے۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب چیئرمین! پارلیمانی business اپنی جگہ پر ہے لیکن ہم یہاں پر ایک trend دیکھ رہے ہیں کہ bills کو لایا جاتا ہے اور اسی دن ان کو پاس کروانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اس ایوان نے اگر اپنی توقیر میں اضافہ کرنا ہے۔ اپنی ذمہ داری کو پورا کرنا ہے۔ اگر صرف اس بنیاد پر۔۔۔

جناب چیئرمین: میں نے صرف یہ چاہا تھا، چونکہ لیڈر آف دی اپوزیشن اس وقت نہیں تھے،

at least we should take him into confidence.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں تو concede کر گیا ہوں، میں نے کہا کہ پھر کل یا پرسوں کے Orders of the Day میں لے آئیں گے۔ لے آئیں گے، میں نے تو آپ کی بات مان لی۔ میں نے تو استدعا کی تھی کہ یہ ایک اچھائی کا کام ہے۔

جناب چیئرمین: باقی رپورٹس lay ہو گئی ہیں، آپ انہیں پڑھ لیں۔ We give you time.

سینیٹر سید شبلی فراز: یہ جب کمیٹی کو refer ہوجائے گا تو اس میں ایک collective wisdom آجائے گا۔

جناب چیئر مین: کمیٹی کو نہیں بھیجیں گے۔ اس کا جو decision ہوا ہے، اسے explain نہیں کرسکے۔ وزیر قانون صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئر مین! یہ آرڈر نمبر 4 ہے۔ میں یہ عرض کردوں کہ اسے کمیٹی نے pass کیا ہے۔ یہ جو پچھلے بل کی بات ہو رہی تھی، ان کے ممبرز نہیں آئے لیکن شیری رحمان صاحبہ، انوشہ رحمان اور چیئر مین نے اسے دیکھا ہوا ہے۔

جناب چیئر مین: کمیٹی نے دیکھ لیا ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! دیکھ لیا ہے اور رپورٹ lay ہو گئی ہے۔

جناب چیئر مین: لیڈر آف دی اپوزیشن! کل کے ایجنڈا میں اسے ہم شامل کردیں گے۔ اس کی رپورٹ lay ہو گئی ہے، کمیٹی سے pass ہو گیا ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! وزارت کا یہ prerogative رہنے دیں جنہوں نے Orders of the Day پر لے کر آنا ہے۔ ہم لا رہے ہیں اور یہ بتا رہے ہیں کہ کل اس کو discuss کریں اور vote بھی کرلیں۔

## Leave of Absence

Mr. Chairman: Now, we take up leave of absence. Senator Dr. Sania Nishtar has requested for the grant of leave from 18th March to 18th September, 2024 due to personal engagements abroad. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Taj Haider has requested for the grant of leave for 20th and 21st June, 2024 during the 339th Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Prof. Sajid Mir has requested for the grant of leave for 4th and 5th July, 2024 due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Anusha Rahman has requested for the grant of leave for the various dates

during 337th to 339th Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Zarqa Suharwardy Taimur has requested for the grant of leave for 4th and 5th July, 2024 due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Chairman: Now, we take up Order No.4 which stands in the name of Senator Azam Nazeer Tarar, Minister for Parliamentary Affairs. He may please move it.

Senator Azam Nazeer Tarar: Sir, I wish to move……

جناب چیئرمین: لیڈر آف دی اپوزیشن بات کرنا چاہ رہے ہیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! میں اسے lay تو کرلوں۔ لیڈر آف دی اپوزیشن میرے لیے بڑے محترم ہیں لیکن مجھے lay تو کر لینے دیں۔ اس کے بعد اس پر بات کریں۔ ابھی تو یہ lay ہی نہیں ہوا۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: نہیں، ایسے نہیں ہوگا۔ یہ کہہ رہے ہیں کہ nip the evil in the bud. اس طرح dictation پر ہاؤس نہیں چلے گا۔ I am sorry, sir. جناب! ابھی legislative business ہو رہا ہے۔

جناب چیئرمین: ان کو بات کرنے دیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! یہ chair کا prerogative ہے۔ میں نے تو ابھی اسے lay ہی نہیں کیا۔

جناب چیئرمین: لیڈر آف دی اپوزیشن۔

**<u>Senator Syed Shibli Faraz, Leader of the Opposition, on the Elections (Amendment) Bill, 2024</u>**

Senator Syed Shibli Faraz: Mr. Chairman, thank you very much. I really appreciate your consideration.

جناب! بات یہ ہے کہ یہ جو بل آج پیش ہو رہا ہے، یہ وہ بل ہے جو کہ مختلف اوقات میں پیش ہوا ہے۔ اگر ہم اسے chronological order میں دیکھیں تو یہ بل actually الیکشن ایکٹ، 2017 تھا جس میں الیکشن ٹریبونلز بنائے گئے جو کہ panel of retired and serving judges پر مشتمل تھے۔ یہ 2017 کا وہ ایکٹ تھا۔

جناب چیئرمین: جناب وزیر قانون! یہ کچھ figures دے رہے ہیں، آپ انہیں سن لیں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: 2017 میں یہ ہوا تھا جس میں ساری parties شامل تھیں۔ اتفاق کی بات ہے کہ اس میں، میں بھی شامل تھا۔ سب جماعتوں نے مل کر الیکشن ایکٹ میں کچھ amendments کی تھیں اور اس کو تیار کیا تھا کیونکہ اس وقت حکومت پاکستان مسلم لیگ (ن) کی تھی۔ اس کے بعد 5 اگست، 2023 کو سیکشن 140 میں ترمیم کی گئی۔ اس میں یہ چیز شامل کی گئی Election Tribunal will comprise of serving Judge of the High Court only. اس کے بعد آج یہ بل پھر پیش ہو رہا ہے۔ اس کا جو لب لباب ہے، وہ یہ ہے کہ Election Tribunal can comprise of a panel of both retired and serving Judges. بات یہ ہے کہ جب ہم اس طرح کے ایک legislative seesaw میں مبتلا ہو جاتے ہیں تو وہ جو legislation کا ایک concept ہے، وہ معنی کھو دیتا ہے۔ وہ اپنی توقیر اور عمل داری کو کھو دیتا ہے کیونکہ it lacks moral justification. جب آپ قوانین اس بنیاد پر بنائیں کہ جو آپ کو suit کرتا ہے، آپ اس کے مطابق ترمیم لے آتے ہیں۔ جو آپ کو suit نہیں کرتا، آپ اس کو نکال دیتے ہیں just because you have the numbers. جس طرح ابھی ہمیں وزیر قانون کے attitude سے پتا چلا کہ ان کا کتنا dictatorial mind-set ہے کہ he is not willing even to listen and he is taking things in a very light mood. جب آپ کی باری آئے گی تو اس کا جواب دیجیے گا۔

جناب چیئرمین! سوال یہ ہے کہ یہ سب کچھ کیوں ہو رہا ہے۔ یہ اس لیے ہو رہا ہے کہ ہم نے دیکھا کہ regime change کے بعد جن مشکلات میں ہماری جماعت کو مبتلا کیا گیا، اس میں پہلا اور سب سے بڑا قدم یہ تھا کہ ہماری جماعت سے الیکشن کا symbol لے لیا گیا۔ اس سے پہلے کیا ہوا کہ آئین کے مطابق جو ایک electoral obligation تھی کہ جب اسمبلیاں اپنے وقت سے پہلے ٹوٹ جائیں یا ان کو dissolve کر دیا جائے تو الیکشن 90 دنوں میں ہوں گے لیکن ایسا نہیں ہوا۔ اس میں آئین شکنی ہوئی اور اس particular constitutional election requirement کو ignore کیا گیا۔ وہ provision جو اس معاملے کو address کرتی تھی، اسے ignore کیا گیا۔ اس کے بعد پاکستان تحریک انصاف پر جو ظلم کے پہاڑ توڑے گئے، وہ کسی سے ڈھکے چھپے نہیں ہیں۔

سب کے علم میں ہے کہ اس کے بعد الیکشن کتنی مشکل سے announce کروائے گئے۔ الیکشن ہوئے۔ الیکشن سے پہلے پاکستان تحریک انصاف سے اس کا symbol چھینا گیا۔ وہ بھی ہو گیا لیکن اس سے بھی کچھ کام نہیں بنا۔ ہمارے candidates کو اٹھایا گیا۔ ہمارے candidates کے کاغذات چھینے گئے۔ کاغذات جمع نہیں کروانے دیے گئے۔ اس وقت کے ہمارے ان دوستوں نے جو آج treasury benches پر بیٹھے ہوئے ہیں، اُف تک نہیں کی۔ ہم تو victims تھے، بھاگ دوڑ رہے تھے اور چھپ رہے تھے۔ اس کے بعد باوجود اس امر کے کہ پاکستان تحریک انصاف نے 2023 اور 2024 میں پورے لوازمات کے ساتھ intra-party election کروائے لیکن الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ان کو ماننے سے انکار کر دیا۔ جو دوسرے الیکشن تھے، وہ ہم نے سپریم کورٹ کی directions اور points کے عین مطابق یعنی نقطہ، comma اور full stop تک کا لحاظ کرتے ہوئے، منعقد کروائے۔ میں challenge کرتا ہوں کہ ادھر جتنی بھی جماعتیں بیٹھی ہوئی ہیں، ان کے الیکشن اگر آپ دیکھ لیں تو وہ فراڈ الیکشن تھے۔ دوسری طرف ہمارے ایک ایک لفظ کی جانچ پڑتال کی گئی اور کہیں پر بھی ہمیں کوئی margin نہیں دیا گیا اور نہ ہم چاہتے تھے کیونکہ ہم نے الیکشن بہت transparent طریقے سے کروایا تھا۔ ظلم یہ ہے کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان جو کہ اس صدی کا سب سے controversial election کرواتا ہے۔۔۔۔۔ بہترین آپ کے لیے اس لیے تھا کہ بغیر کچھ کیے ہوئے آپ اسمبلی میں بیٹھ گئے۔ الیکشن کروانے کے بعد الیکشن کمیشن ہمیں کہتا ہے کہ آپ نے الیکشن ٹھیک نہیں کروائے اور سپریم کورٹ میں یہ بار بار ذکر

ہوتا ہے کہ پاکستان تحریکِ انصاف نے الیکشن نہیں کروائے اس لیے ان کو نشان نہیں ملا I think that is wrong, factually wrong and that is legally wrong، ہم نے الیکشن 2023 میں کروائے، ہم نے الیکشن 2024 میں کروائے۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان میں جو بیٹھے ہیں اگر وہ اتنے dictatorial ہیں، ان میں اتنا زعم ہے کہ جی ہم الیکشن کمیشن آف پاکستان ہیں sorry sir, Law Minister is disturbing my speech, so I may request you. دیکھیں کہ سچائی کی بات ہے اور یہ ہمارے دوستوں کو بھی کام آئے گی، میں جو باتیں کر رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: آپ pin drop silence میں speech کر رہے ہیں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: بالکل. I appreciate that یہ ان کے کل کام آئیں گی اس ایوان کے جتنے ممبران ہیں کیونکہ یہ کسی ایک کے ساتھ نہیں ہوتا یہ چیزیں تبدیل ہوتی رہتی ہیں، آج ہمارے ساتھ ہے، کل ان کے ساتھ ہوگا تو یہ سب کے لیے کام کی باتیں ہیں۔ جب انہوں نے ہمارے الیکشن نہیں مانے اور ہمیں نشان نہیں دیا گیا، ساری قوم جانتی تھی ہمیں ہر قسم کے مضحکہ خیز قسم کے نشانات دیئے گئے لیکن سلام ہے، سیلوٹ ہے پاکستانی عوام کو کہ جن میں کچھ تعلیم یافتہ نہیں بھی تھے، کچھ کم تھے، بوڑھے تھے، جوان تھے، خواتین تھیں، دیہاتی تھے، سب نے اپنے اپنے candidates جو پاکستان تحریکِ انصاف کے حمایت یافتہ تھے، ان کو ووٹ دیا اور انہوں نے اپنا فرض ادا کیا۔ اب issue کیا آیا کہ ان ووٹوں کو کسی نے گننا بھی تھا اور ووٹ گنے گئے اور رات تک پاکستان تحریکِ انصاف landslide victory لے رہی تھی، اس کے بعد پھر ایک جھرلو پھرا اور پاکستان تحریکِ انصاف کی جو سیٹیں تھیں وہ آدھی سے بھی کم کر دی گئیں، وہ دے دی گئیں کہ جس نے 10 ہزار ووٹ لیے تھے اس کے ساتھ بائیں طرف '1' لگا دیا گیا کہ 110000 ووٹ آپ کے ہیں مبارک ہو۔ اسی طرح چاہے وہ پنجاب ہو، خاص طور پر پنجاب کے الیکشن کیونکہ ملک میں سب سے زیادہ سیٹیں پنجاب کی ہیں۔ By the way یہ وہ issues ہیں ہمیں ان پر بھی سوچنا ہے کہ کیا کیا جائے کہ جس طرح یہاں پر tyranny of majority ہے

how do we get rid of tyranny of majority? Where if you put together all the three provinces, yet we will not be able to balance out the seats that one particular province has. Fair enough, this is; what is the current scheme of things.

Mr. Chairman: we have to make a province.

سینیٹر سید شبلی فراز (قائد حزب اختلاف): جی. exactly اب جب وہ بھی ہو گیا تو اب الیکشن کا issue تھا۔ میں ذرا اس کو سمیٹتا ہوں جلدی سے۔ وہ یہ تھا کہ جب الیکشن ہو گئے تو الیکشن میں ہمیشہ انتخابی عذرداریاں ہوتی ہیں، انتخابی عذرداریوں کے لیے elections tribunals بنتے ہیں، وہ فیصلے کرتے ہیں کہ کیا ہوا، کیا نہیں ہوا اور وہ 90 دنوں کے اندر فیصلے کرتے ہیں۔ اب election tribunals کو بھی تو manage کرنا ہے۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے. Form 45, Form 47 Pattan ایک NGO ہے "The News" میں ایک article چھپا ہے جس میں انہوں نے لکھا ہے کہ الیکشن کمیشن کی ویب سائٹ سے 25 سیٹوں کے record Form 45 ہی اڑا دیئے گئے ہیں۔ اس کے بعد جب ٹریبونل کے ججز کی بات آئی تو اب ججز بھی ہم نے وہی لوگ لگانے تھے کہ وہ وہی کریں جو یہ چاہتے ہیں، کون چاہے گا کہ پردہ ہٹ جائے اور سچ سامنے آجائے، کوئی بھی نہیں چاہتا، خاص طور پر میرے بائیں ہاتھ پر بیٹھے ہوئے دوست ہیں، کوئی نہیں چاہتا کہ یہ scheme disturb ہو کیونکہ ایک طریقے سے یہ حکومت جو کہ ابھی بیٹھی ہے، یہ ایک minority حکومت ہے اور ان کو یہ suit نہیں کرتا کہ وہ election tribunals کو independently, transparently کام کرنے دیں here comes this amendment کہ ریٹائرڈ ججز کیونکہ جو ججز بیٹھے ہوئے تھے کیا ضرورت پیش آئی اس وقت کہ آپ نے sitting judges کو ہٹا کر اور آپ نے دونوں کو کر دیا ہے، ریٹائر بھی کر دیا ہے۔

دیکھیں سورج کو آپ ہاتھ سے چھپا نہیں سکتے یہ fact ہے کہ پاکستان تحریک انصاف اس ملک کی electorally and politically is the biggest political party even یہاں پر جو incomplete House Senate ہے، یہ House Federation کی علامت ہے، اس میں ایک صوبے کے سینیٹر آج نہیں بیٹھے ہوئے اور یہ کرسیاں خالی ہیں۔ جناب والا! یہ افسوس کی بات نہیں ہے؟ یہ دکھ کی بات نہیں ہے کہ ایک صوبے کو اس کے حق سے محروم کیا جا رہا ہے جبکہ ادھر جب reserve seats کا issue آیا تو بجائے اس کے کہ یہ دی جاتیں یا اس پر جلد فیصلہ ہوتا اس کو delay کیا جا رہا ہے اور delay کرنے سے یہ House incomplete ہے۔ میں یہ بھی ساتھ میں کہہ دوں گا because this is a fact کہ جتنے بھی elections ہوئے ہیں they were legally or morally justified نہیں تھے because the House was

not complete both the National Assembly and the Senate; they were incomplete وہاں پر reserve seats نہیں آئیں as a result وہ جو ایک issue کھڑا ہوا اس کی وجہ سے خیبر پختونخوا کے سینیٹر ز اس House میں نہیں آسکے۔ This is the tragedy and a perpetual tragedy which is ongoing that even the so called democratic Houses are incomplete and nobody is worried about it. دیکھیں جب اس قسم کی باتیں ہوتی ہیں تو پھر ہم کیا توقع رکھتے ہیں کہ کیسے لوگوں کا پارلیمنٹ یا electoral system پر belief ہوگا؟ پھر تو یہی بات ہے کہ جو طاقتور ہے بس وہ آجائے گا۔ آج ہم نے جو جیل میں دیکھا وہاں پر ہم خان صاحب سے ملنے گئے تھے جو کہ ہمارا ایک right تھا۔۔۔

(مدخلت)

جناب چیئرمین: وہ اس topic پر آگئے ہیں۔

سینیٹر سید شبلی فراز (قائد حزب اختلاف): میرا خیال ہے وزیر قانون بہتر ہوگا کہ آپ اپنی وزارت قانون میں جاکر اس ملک میں جو قوانین کا بیڑا غرق ہوگیا ہے criminal procedure code میں کچھ amendments لائیں، عوام کی زندگی کو آسان کریں، لوگ بیس بیس سالوں سے مقدموں میں پھنسے ہوئے ہیں، آپ یہاں آکر جگت بازی کرتے ہیں۔ میری گزارش ہے کہ آپ جانتے ہیں کہ اس قسم کی چیزوں میں، یہاں سینیٹر کاکڑ بیٹھے ہوئے تھے انہوں نے کہا تھا کہ ہم استعمال ہوتے ہیں، بھائی ہم کیوں استعمال ہو رہے ہیں؟ یہ استعمال ہونا اس ملک کی political, democratic, economic future کے لیے خطرناک ہے اور اگر یہ تاثر ہے کہ عوام کیڑے مکوڑے ہیں تو جب کیڑے مکوڑے ہیں تو ہماری بھی کیا حیثیت ہے ہمیں تو کیڑے مکوڑوں نے منتخب کیا ہے۔

جناب چیئرمین: ابھی جواب کچھ دیں گے۔

سینیٹر سید شبلی فراز (قائد حزب اختلاف): بالکل دیں گے۔ 2 minutes more, I appreciate۔ جناب والا! بات یہ ہے کہ وقت کی ضرورت کے مطابق قوانین بنانے، کوئی خاص مقصد حاصل کرنے کے لیے قانون بنانے، میرا خیال ہے کہ اس کو رہنے دیں کہ پچھلے سال ایک amendment کی وہ آپ کو suit نہیں کرتی تھی آج آپ دوبارہ ایک amendment لے آئے ہیں۔ میرا خیال ہے اس کو مضحکہ خیز نہ بنائیں یہ ایک

serious House ہے اگر آپ اس کو رکھنا چاہیں اور اگر وزیر قانون یہ سمجھتے ہیں، میری وزیر قانون سے گزارش ہے کہ وہ ہمیں justification بتادیں کہ ایسا کیا ہوا کہ 2023 میں انہوں نے ہی، PDM کی حکومت نے ایک amendment move کی اور اس کی کیا وجہ ہے ایک سال سے کم عرصے میں۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ ان کو سنیں گے تو پتا چلے گا۔

سینیٹر سید شبلی فراز (قائد حزب اختلاف): جناب والا! میرا last argument ہے، میری تقریر بھی ختم ہوتی ہے کہ کیا وجوہات ہیں کہ 5th August, 2023 میں انہوں نے Election Act میں amendment کی، آج جولائی شروع ہو چکا ہے یعنی ایک سال سے بھی کم عرصے میں کیا ضرورت پڑی، کیا ایسے حالات بدل گئے، حالات تو بدلے ہیں کیونکہ عوام نے فیصلہ دیا ہے اس کو بھی تو دیکھنا ہے تو اس amendment کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی ہے؟ بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: Minister for Law, you move and then others will speak,

ایک منٹ، میں آپ کو طریقہ کار بتادوں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: جناب وزیر قانون صاحب آپ move کریں اور اگر کسی نے بولنا ہے تو پھر سب کو موقع ملے گا۔

**Senator Azam Nazeer Tarar**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! میں move کرتا ہوں پھر اس کے بعد جواب دوں گا، پہلے House کی sense لے لیں۔ میں ایک منٹ میں بتادوں کہ یہ وہی 140 ہے جو 2017 میں سینیٹر شبلی فراز صاحب نے، سینیٹر فاروق حامد نائیک صاحب نے اور محترمہ انوشہ رحمان صاحبہ نے تقریباً 100 کے لگ بھگ meetings کرکے جو election act بنایا تھا یہ وہی consensus provision ہے۔ 2023 میں Election act میں کافی ترامیم آئی ہیں۔ ان میں سے ایک ترمیم یہ بھی تھی اور یہ ساری ترامیم PTI نے reject کیں۔ انہیں timing suit کرتی ہے، انہیں قانون سے کچھ بھی لینا دینا نہیں ہے اور اسی لیے یہ صرف ایک ہی بات کرتے ہیں۔ جس دن یہ یہاں پر bulldoze کرتے تھے ہم وہاں بیٹھے ہوتے تھے اس وقت قانون سازی بالکل ٹھیک تھی۔ جس دن انہوں نے۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: نہیں سنیں اور حوصلہ کریں۔ جس دن انہوں نے 53 قوانین پونے گھنٹے میں پاس کروائے بابر اعوان صاحب تھے، آپ نیشنل اسمبلی کے camera open کروا کر دیکھیے گا۔ ہم سارے joint sitting میں بیٹھے ہوئے تھے۔ پونے گھنٹے میں 53 قوانین پاس کروائے گئے وہ legislation بہت اچھی تھی۔ اس لیے میں کہتا ہوتا ہوں کہ ان کا کتا ٹومی اور ہمارا کتا کتا ہے۔ انہیں ہر چیز جائز ہے اور ہمیں ہر چیز حرام ہے۔ یہ وہ 140 ہے جس پر انہوں نے ووٹ ڈالا ہوا ہے، دستخط کیے ہوئے ہیں اور اس کی پرچار کی ہوئی ہے کہ یہ بہت اچھا قانون ہے۔ آج یہ کہتے ہیں کہ ضرورت کیوں پیش آئی ہے۔ ضرورت اس لیے پیش آئی ہے کہ جب یہ قانون سازی ہوئی یہ scheme of election petitions کو offend کرتی ہے۔ نمبر ایک، Election Tribunals کو مزید fast track کرنے کے لیے 2023 میں اور ترامیم بھی کی گئیں، کہا گیا کہ petition پنتالیس دنوں میں file ہو گی، سات دنوں میں جواب آئے گا ورنہ ex-party ہو گا، اتنے دنوں میں issues frame ہوں گے، اس کی یہ penalty ہو گی، adjournment پر جرمانہ کیا جائے گا، چھ مہینوں میں petition decide ہونی ہے۔ یہ اس پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں جن کے اس وقت کے ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری stay order پر پانچ سال ڈپٹی اسپیکر رہا اور اب یہ ہمیں جمہوریت کا درس دیتے ہیں۔ جنہوں نے جمہوریت کو چوری کرنے اور mandate چوری کرنے کے لیے RTS ایجاد کی اور یہ لعنت یہاں پر اس ملک میں مسلط کی۔ جنہوں نے ڈسکہ کا الیکشن چرایا اور مثال قائم کی۔ آج یہ ہمیں سبق دیں گے؟ یہ space کس نے دی؟ جمہوریت سے نکال کر کسی اور کی طرف؟ کون کس کا بیٹا بنا تھا اور روحانی باپ کس نے مانگا تھا تاریخ سے پوچھیں مجھ سے کیوں پوچھتے ہیں؟ آپ کے تو ابو تھے۔

Mr. Chairman: Please move Order No.04.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب والا! Simply یہ وہی ترمیم ہے جو consensus document تھا۔ نیشنل اسمبلی میں اس دن count ہوا تھا، تھوڑی دیر پہلے 185 ووٹ ایک طرف اور 83 ووٹ ایک طرف آئے تھے۔ کمیٹی نے وہاں پر اسے thrash کیا ان کے لوگ وہاں پر بیٹھے ہوئے تھے، یہ منظور ہو چکا ہے۔ Now I move before the House.

Mr. Chairman: Yes please.

**Consideration and passage of The Elections (Amendment) Bill,2024**

Senator Azam Nazeer Tarar: Sir, I wish to move that the Bill further to amend the Elections Act, 2017 [The Elections (Amendment) Bill, 2024], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

*(Interruption)*

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب والا! Business ہو رہا ہے، تقریریں کہاں سے آئیں؟

Mr. Chairman: It has been moved that the Bill further to amend the Elections Act, 2017 [The Elections (Amendment) Bill, 2024], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

Senator Azam Nazeer Tarar: I wish to move that the Bill further to amend the Elections Act……

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ایک منٹ تقریر کر رہے ہیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! شام تک یہی چلے گا۔

جناب چیئرمین: دو منٹ بات سن لیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب والا! آپ کے سامنے House کی sense آئی ہوئی ہے۔

جناب چیئرمین: دو منٹ بات کرنے دیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: اس کے بعد بات ہوتی ہے۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Order in the House.

جب Bill move ہوتا ہے، شیری رحمان سنیں۔ جب بل move ہوتا ہے تو دو سے تین لوگ بولتے ہیں، so, this is the practice. آپ تشریف رکھیں انہیں دو منٹ بات کرنے دیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ایک گھنٹہ وہ بولے ہیں کیوں کہ وہاں پر دینا چاہیے تھا۔
I will only give the five minutes to two, three persons.

**Senator Syed Ali Zafar**

Senator Syed Ali Zafar: This is a Bill, which they are trying to bulldoze, we have to tell everybody, to tell my friends.

جناب چیئرمین: کوئی bulldoze نہیں ہے۔

سینیٹر سید علی ظفر: یہ کتنا ظلم ہورہا ہے، کتنی بدنیتی، اس کے سامنے کیا ہے؟ public سن رہی ہے اس بل کے پیچھے جو نیت ہے، the bad intention, the malafide intention یہ جو کرنے جارہے ہیں، اس کو تو expose کردوں پھر اس کے بعد ایوان کی مرضی ہے اسے پاس کردیں، that's another issue.

جناب چیئرمین: یہ تو وہاں پر بھی decision ہوا ہے۔

Senator Syed Ali Zafar: Point is that I have to bring the facts on the record جو کہ this is a matter ہر ایک کو پتا ہے جو ابھی Supreme Court میں بھی pending ہے، High Courts میں بھی pending ہے۔ اس لیے میں چاہوں گا میں پوری طرح presentation کروں، پانچ منٹ نہیں I will take 20 minutes.

جناب چیئرمین: 20 منٹ نہیں ہوگا۔

سینیٹر سید علی ظفر: نہیں جناب والا! میں بالکل کروں گا، I will not stop آپ مجھے نکال دیجیئے گا لیکن
I will not stop.

جناب چیئرمین: یہ نہیں ہوسکتا۔

(مداخلت)

سینیٹر سید علی ظفر: میں آپ کو بالکل lectureدوں گا، آپ کو lectureکی
ضرورت ہے۔ .There is a lecture that is requiredجناب چیئرمین!
آج کا قانون جو وزیر قانون صاحب نے پیش کیا ہے۔ میں آپ کو دکھاؤں گا کہ وہ آئین اور آئین
کی روح کے خلاف ہے، نمبر ایک۔ نمبر دو، یہ قانون عدلیہ کی آزادی کے خلاف ہے، it is
against the independence of the Judiciary یہ بھی میں آج
دکھاؤں گا اور ثابت کروں گا۔ نمبر تین۔ This Law if it is passed, it
actually threatens the integrity of the electoral
process. ہمارا جو electoral processہے it challenges that.
Number four. جو عدلیہ اور executiveکا conceptہے کہ یہ عدلیہ اور
executive دو علیحدہ branchesہیں they are separate powers,
اس کے خلاف ہیں۔ جو ہمارا آئین کا پورا basicہے، اس کے خلاف ہے۔ میں آخر میں بتاؤں گا
کہ اگر یہ قانون آج پاس ہوگیا، یہ جس ماحول میں پاس ہو رہا ہے، اگر یہ پاس ہوگیا اور اس کو
کمیٹی میں نہیں لے کر گئے تو پھر جناب چیئرمین! یہ جمہوریت کا قتل ہوگا۔ اس قانون کے پیچھے
نیت کیا ہے؟ جو unelectedلوگ آگئے ہیں، یہ ان کو طاقت میں رکھنے کے لیے قانون بنایا
جارہا ہے۔ This is a law which will keep those who have
been unelected in mpowers.اس قانون کا backgroundکیا ہے؟
کیوں کہ آج ضروری یہ ہے کہ، let us call speed, speed. Let us
exposed who is behind this and what is going on
between the main culprit, main culpritکون ہے؟ Election
Commission of Pakistan and those people who are
sitting empower. Let us expose the beneficiaries, let
us exposeیہ جو ایک conspiracyہے اس کو آج میں ننگا کردوں گا۔ میں نے آج
اس کو exposeکرنا ہے، جناب چیئرمین! Enough is enough, اس کو آج
recordپر exposeکرنا ہے۔This is beautiful Senateجس کے floorپر
میں بات کر رہا ہوں this is being used for the purpose of this
conspiracy,جو میں آج exposeکروں گا۔

جناب والا! اس کا background یہ ہے کہ ایک قانون Section 140 ہے۔ Section 140 جس کی آج ترامیم کرنے جا رہے ہیں، Section 140 کیا کہتا ہے؟ Section 140 کہتا ہے کہ جب election ختم ہو جائے تو اس کے بعد election Tribunal بنے گا۔ اور جو original Section 140 تھا وہ یہ کہتا تھا کہ جب election ہو جائے تو election Tribunal کی appointment Election Commission of Pakistan کرے گا لیکن جو Tribunal judge ہے اس کی appointment Election Commission of Pakistan کرے گا، تو وہ جو بھی relevant Chief Justice ہوگا، اس کو consult کرے گا۔ اگر وہ sitting judge ہوگا یا retired ہوگا، اس کو Chief Justice کی consultancy کرنی پڑے گی۔

2023 میں، جیسے کہ Leader of the Opposition نے ذکر کیا، انہی کی حکومت ترمیم لے کر آئی اور اس کی وجہ کیا تھی؟ انہوں نے یہ کہا کہ retired جج صاحبان جو ہیں، وہ نہیں لگیں گے، صرف اور صرف انصاف کا تقاضا پورا کرنے کے لیے تاکہ judiciary اور Tribunal کے judges impartial رہیں۔ تو صرف sitting judges appoint ہوں گے اور ان sitting judges کی consultation Chief Justice سے ہو گی کہ کس نے appoint ہونا ہے۔

پاکستان کا general election جو کہ 8 فروری 2024 کو ہوا، جناب وہ اسی ترمیم شدہ Section 140 کے تحت ہوا۔ یعنی جو Section 140 کی ترمیم تھی، جس کے تحت جو Tribunal بنا تھا وہ Tribunal sitting judges پر بنا تھا، Tribunal کی اس شق کے تحت وہ election ہوئے۔ جب disputes پیدا ہوئے کیونکہ Election Commission نے، جس طرح Leader of the Opposition نے اپنی تقریر میں بتایا، بہت ساری ایسی constituencies تھیں جہاں بہت بڑی major دھاندلی ہوئی جس میں Election Commission of Pakistan ملوث تھا، اس لیے وہ challenge کیے گئے۔ جب وہ challenge کیے گئے تو Election Commission of Pakistan نے اسی Section، جناب چیئرمین! یہ بڑی اہم چیز ہے، اسی Section 140 کے تحت Election

Commission of Pakistan نے Chief Justice Lahore High Court اور باقی سارے Chief Justices کو درخواست کی کہ آپ ہمیں kindly اس کے مطابق sitting judges appoint کر دیں۔ لاہور High Court کے Chief Justice صاحب نے آٹھ جج صاحبان کا ذکر کیا جو sitting judges تھے، بڑے eminent judges تھے، بڑے impartial judges تھے، بڑے independent judges تھے، جنہوں نے ان سارے disputes کا فیصلہ کرنا تھا۔

Election Commission of Pakistan نے ان میں سے چار judges کو Pick and choose کر لیا اور کہا کہ چار ہمیں acceptable ہیں اور چار ہمیں acceptable نہیں ہیں اور ان کو territories بھی assign کر دیں۔ اس پر Chief Justice of Lahore High Court اور Election Commission of Pakistan کے درمیان جھگڑا چل گیا۔ Chief Justice of Lahore High Court نے یہ matter ایک sitting bench of Lahore High Court کو refer کر دیا۔ Sitting judge صاحب نے کہا کہ آئین کے تحت یہ جو sitting judge ہے، اس کا فیصلہ کہ کون ہو گا، وہ فیصلہ صرف اور صرف Chief Justice کر سکتا ہے اور Election Commission of Pakistan نہیں کر سکتا، consultation کا مطلب یہ ہے۔

جناب، اب کیا ہوا کہ Election Commission of Pakistan نے اس کو Supreme Court میں challenge کر دیا۔ آج Supreme Court of Pakistan میں case لگا ہوا تھا۔ Supreme Court of Pakistan نے بھی یہی کہا کہ نہیں، یہ appointment کا اختیار Election Commission of Pakistan کا نہیں ہے۔

یہ جھگڑا جو Election Commission of Pakistan اور Chief Justice صاحب کے درمیان تھا، اس کے لیے یہ حکومت اب ایک قانون لے آئی ہے۔ وہ کہتی ہے کہ ، جناب چیئرمین، میں انتظار کروں گا کہ آپ پہلے یہ کر لیں۔ تو یہ Election Commission of Pakistan جو pick and choose کر رہا تھا، کہ نہیں ہماری مرضی کے جج ہوں گے، حکومت نے ایک نئی بات سوچی اور حکومت نے کہا اور

Law اور treasury benches سارے اس میں ملوث ہو جاتے ہیں، انہوں نے یہ کہا اور minister صاحب یہ law لے کر آئے ہیں کہ جناب، آپ ہمیں retired judges choose کرنے دیں تاکہ Election Commission of Pakistan retired judges choose کر لے جن کا Chief Justice صاحب کی consultation کے ساتھ کوئی تعلق نہ ہو۔ یعنی وہ اپنی مرضی کی، pick and choose کرکے، اپنے ہی cases جس میں Election Commission خود ہی ملوث ہے، وہ اپنی مرضی کے judges اس میں لگا لیں۔

جناب، اب اگر آپ Section 140 دیکھیں، اس Section 140 کو دیکھنا بہت ضروری ہے۔ Section 140 کہتا ہے کہ جب بھی Tribunal کا کوئی بھی جج لگے گا تو اس جج کو Election Commission appoint کرے گا لیکن اس کی consultation Chief Justice concerned سے ہو گی۔ جناب، اب Chief Justice سے consultation کا کیا مطلب ہے؟ What does that mean about consultation? Consultation کا ہمارا، جیسا کہ Law Minister صاحب کو پتا ہے، law کی تشریح کرنے کا ایک principle ہے اور جب ہم سارے بیٹھ کر قانون سازی کرتے ہیں تو اس principle کو ہم اپنے دماغ میں رکھتے ہیں کہ کوئی لفظ ایسا ہے کہ جس کی already تشریح ہو چکی ہے اور ہم اپنے قانون میں اسے استعمال کرتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ہماری پارلیمان کا مقصد یہی تھا کہ اس لفظ کے وہی معنی ہوں گے جس کی پہلے تشریح ہو چکی ہے۔

So, consultation کا لفظ جو تھا اس پر Supreme Court کی دو بڑی judgements تھیں جنہوں نے اس کی تشریح کی تھی۔ ان میں سے ایک الجہاد ٹرسٹ case تھا۔ جناب، آپ کو یاد ہو گا کہ ایک زمانے میں appointment of judges ہوتی تھیں جس میں یہ لکھا تھا کہ صدر صاحب appoint کریں گے لیکن انہوں نے Chief Justice کو consult کرنا ہے۔ Section 140 میں جو لفظ consultation استعمال ہوا ہے وہی ہمارے آئین کے اس وقت کے Article میں تھا۔

تو الجہاد ٹرسٹ case میں اس کی تشریح کی گئی کہ this is not something meaningless, consultation doesn't mean کہ

جس طرح ہم عام اپنے الفاظ میں استعمال کرتے ہیں۔ Consultation کا مطلب یہ ہے کہ اگر Chief Justice صاحب نے کہا ہے کہ یہ شخص appoint ہوگا، تو پھر executive نے اس کو appoint کرنا ہے اور اگر executive اس کو appoint نہیں کرے گا تو ان کو وجہ دینی ہے کہ کیوں نہیں appoint کر رہے۔ Consultation کا مطلب یہی ہے کہ جو Chief Justice نے approve کر دیا، وہی approve ہوگا۔

تو consultation کو ایک خاص معنی دیئے گئے ہیں۔ اب Section 140 میں یہی معنی، exactly یہی لفظ استعمال کیے ہیں جو میں پڑھ لیتا ہوں۔ Section 140 یہ کہتا ہے کہ

that in the appointment of judges, the Chief Justice shall be consulted so appointment will be made with the consultation of the Chief justice, which means that Chief Justice

جو کچھ بھی کہے گا وہی approve ہوگا۔ یہ قانون ہے۔

جناب، اب دوسرا case بڑا interesting ہے کہ ایک Tribunal کی appointment کا سوال پیدا ہو گیا کہ Service Tribunal میں کس کو appoint کریں گے۔ وہاں کا قانون بھی یہی کہتا تھا کہ آپ retired اور non retired لوگوں کو appoint کر سکتے ہیں لیکن اس پر آپ Chief Justice سے consultation کریں گے۔ اس پر case Supreme Court تک گیا۔ اس case کا نام ہے شیخ ریاالحق۔

شیخ ریاالحق case میں Supreme Court کی جو judgement ہے، اس کے الفاظ بہت interesting ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ

as far as the sitting judge of the High Court acting as the Chairman of the Tribunal is concerned, there is no difficulty in determining the tenure during which he shall hold the charge in addition to his own functions. Preferably, it would be appropriate in the interest of the institution that if a sitting judge is not asked to perform his duties as Chairman.

If a retired judge of the High Court is to be appointed as Chairman of the Tribunal, selection should be made in consultation with the Chief Justice of the High Court in the case of provincial Service Tribunal and in consultation with the Chief Justice of Pakistan in the case of Federal Service Tribunal, who may nominate a retired judge.

Therefore, the executive cannot be allowed to interfere in the process of appointment of such important functionaries of Tribunals, who is required to be appointed independently, because while discharging its functions, the Tribunal does not act as an executive body; rather performs judicial functions.

If such a body Tribunal is not in a position to enforce fundamental rights including the right to have access to justice because the reason is that when the appointments have to be made, they remain at the mercy of the executive, which is itself a litigant party in most of the cases before the Tribunal and no hope can be pinned on such a tribunal to discharge its functions independently.

Basically, Supreme Court نے یہ کہا ہے کہ اگر executive کو آپ نے power دے دی کہ وہ retired judges کو اپنی من مانی کرکے appoint کر سکتے ہیں، تو پھر وہ access to justice کا جو principle ہے، جیسا کہ آئین کا Article 9 کہتا ہے کہ due process follow کرنا ہے۔ جواب Article 10-A ہے، جو کہتا ہے کہ fair trial ہونا چاہیے، ان سب کی خلاف ورزی ہو جائے گی۔ This is the importance of what we are discussing today.

آج Law Minister صاحب یہ کہنے جا رہے ہیں، انہوں نے یہ کہا کہ جناب ہم اس لیے یہ قانون لے کر آرہے ہیں کیونکہ اس قانون سے High Court پر بہت burden ہے اور High Court کے جج صاحبان کے پاس اتنا وقت نہیں ہے کہ وہ Tribunal کو پوری طرح اپنا وقت دے سکیں۔ اس لیے ہم یہ ترمیم لے کر آئے ہیں تاکہ ہم

retired judges کو لے آئیں۔ جناب! اس کی یہ position ہے کہ ہائی کورٹ کے جج صاحبان نے یہ نہیں کہا اور کسی بھی Chief Justice of High Court نے یہ نہیں کہا کہ ہمارے پاس judges کی کمی ہے یا ہمیں retired judges چاہیں یا ہمارے پاس وقت نہیں ہے۔ حکومت کس طرح assume کر رہی ہے، Executive کس طرح assume کر رہا ہے کہ یہ judiciary کو چاہیے یا نہیں چاہیے۔ This law is an interference with the independence of the Judiciary. Chief Justice نے جج صاحبان لگائے ہیں، they are sitting judges of the High Court. ہم یہ قانون لا کر ان sitting judges سے یہ cases واپس لینا چاہتے ہیں جن کے tribunals بن گئے ہیں، ان کے پاس cases پڑے ہیں اور وہ cases سن رہے ہیں۔ یہ اس قانون کے ذریعے ان cases کو واپس لے جانا چاہتے ہیں، let us not become part of this conspiracy sir.

Mr. Chairman: Thank you very much.

Senator Syed Ali Zafar: Sir, I am not finished yet. جناب! ہمارے آئین کا Article 175 کیا کہتا ہے، let us understand that, Article 175 یہ کہتا ہے کہ Executive and Judiciary کو separate ہونا ہے، Executive and Judiciary کو ایک دوسرے سے الگ ہونا ہے، ہمارے آئین کی یہی بنیاد ہے۔ اسی طرح ہمارے آئین کا Article 10 ہے، یہ ہمارے آئین کی بنیاد ہے کہ آپ judge of your own cause نہیں ہو سکتے، آپ نے independent رہنا ہے۔ یہ یہاں پر کیا کرنے جا رہے ہیں، یہ سب سے پہلے یہ کر رہے ہیں کہ Chief Justice کی Tribunal بنانے کی power کو لے کر Election Commission کو دینے جا رہے ہیں اور Election Commission خود ہی فیصلہ کرے گا کہ ہم نے کس retired Judge کو لے کر آنا ہے۔ Obviously یہ اپنی من مانی کریں گے، وہ اپنی مرضی کے Judges لے کر آئیں گے اور اس کے بعد Election Tribunals میں اپنا فیصلہ کریں گے۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ جو unelected لوگ ہیں، وہ power میں continue کرتے رہیں۔ یہ ساری اس scheme کی game ہے۔

Mr. Chairman: Convinced, thank you.

سینیٹر سید علی ظفر: جناب! دوسری بات یہ ہے کہ میں نے Article 175 کا ذکر کیا اور Article 175 یہ کہتا ہے کہ Executive الگ ہو۔ آپ Election

Judges کو طاقت دے رہے ہیں کہ وہ Commission of Pakistan appoint کرے، آپ کی یہ جو Al-Jihad Trust Judgement ہے، اس میں لکھا ہوا کہ یہ غیر آئینی چیز ہے۔ ہم یہ سوچتے اور سمجھتے ہوئے کس طرح بیٹھے ہوئے ہیں، ہم یہ قانون کس طرح pass کر دیں، ہم اس قانون کو کس طرح مان لیں۔ Just because Law Minister Sahib نے ایک one liner دے دی۔ ٹھیک ہے، اس پر یہ بحث ہوئی ہو گی اور اس کو National Assembly نے pass کر دیا ہو گا لیکن this is Senate, ہم پوری قوم اور سارے provinces کو سینیٹ میں represent کر رہے ہیں اور ہم at parity and at par represent کر رہے ہیں، ہم اس وقت برابری کی representation کر رہے ہیں۔ جناب! آپ کو ہمیں debate کرنے کا موقع دینا چاہیے تھا۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ کو موقع دیا ہے۔

سینیٹر سید علی ظفر: اب موقع دے رہے ہیں لیکن یہ کمیٹی میں جانا چاہیے تھا this matter should have been debated in the committee. جناب! یہ جو bulldozing کا concept ہے، اس کی وجہ سے ہماری ساکھ ختم ہو رہی ہے۔ میں اس کو بار بار اور ہر بار کہوں گا کہ I am objecting to this.

Mr. Chairman: Thank you, please wind up.

سینیٹر سید علی ظفر: جناب! میں اس کے بارے میں آخری بات یہ کرنا چاہوں گا کہ and I want to say it on the record, کہ اس ملک میں یہ جو سارا crisis بن رہا ہے، ہمارا جتنا crisis بن رہا ہے، starting from that day جب یہ elections نہیں کرا رہے تھے۔ کون آیا تھا کہ ہم نے 90 days میں elections نہیں کرانے حالانکہ the Constitution was very clear, آئین بالکل واضح تھا۔ جناب! Election Commission of Pakistan میں کون آیا تھا، اس کو کس نے join کیا تھا، ہماری Opposition and Treasury benches ہیں، انہوں نے کہا تھا کہ ہم 90 days میں elections نہیں کرا سکتے، یہ نہیں ہو گا۔ Supreme Court of Pakistan نے دو بار order دیا کہ آپ 90 days میں elections کرائیں، یہی آئین کہتا ہے اور انہوں نے elections نہیں کرائے۔

Caretaker Governments چلتی رہیں، کس نے کیا، اس میں Election Commission of Pakistan بھی ملوث رہا۔

جناب! اس کے بعد جب elections ہو گئے اور dispute ہوا، ہم نے کہا کہ ہم Election Commission of Pakistan کے پاس نہیں جاتے، ہم آزاد عدلیہ کے پاس جاتے ہیں۔ اب آزاد عدلیہ ان cases کا فیصلہ کرنے جا رہی ہے تو یہ کہتے ہیں کہ ہمیں آزاد عدلیہ منظور نہیں ہے کیونکہ وہ انصاف کریں گے، وہ فیصلہ کریں گے کہ واقعی دھاندلی ہوئی ہے۔ ان کا کیا جواب ہے کہ چلیں، اس طرح کرتے ہیں کہ اپنی مرضی کا جج لگا دیتے ہیں۔

جناب چیئرمین: جواب دیتے ہیں۔

سینیٹر سید علی ظفر: جناب! this is what is happening. یہ جو مرضی کہہ لیں کہ ہم اس کو بڑے اچھے principles کے لیے کر رہے ہیں، ہم Judiciary کی مدد کر رہے ہیں۔ ان سے Judiciary نے کب مدد مانگی ہے؟ Judiciary نے الٹا کہا ہے کہ ہم اپنے فیصلے کرنا چاہتے ہیں، جسٹس جہانگیری صاحب کو جو case دیا اور ان کو Election Tribunal میں بنایا، ان کے بارے میں Election Commission of Pakistan کہتا ہے کہ ہمیں یہ sitting Judge منظور نہیں ہے، یہ incompetent ہیں۔ ان کو بلایا گیا اور ہائی کورٹ نے دوبارہ فیصلہ کیا اور Election Commission of Pakistan کیا بات کر رہا ہے۔

جناب! اتنے دنوں سے Supreme Court of Pakistan میں case چل رہا ہے، اس کی live recording ہو رہی ہے، آپ نے Election Commission of Pakistan کے بارے میں Judges کی observations سنی ہیں، وہ کہہ رہے ہیں کہ آپ ملوث ہیں۔ جناب! خدا کے واسطے! اب Election Commission of Pakistan کی مدد کرنے کے لیے اس سینیٹ کو استعمال نہ کریں، we cannot tolerate this sir.

Mr. Chairman: Thank you. Now, I give the floor to Senator Farooq Hamid Naek Sahib.

ان کا بار بار نام لیا گیا ہے۔

**Senator Farooq Hamid Naek**

Senator Farooq Hamid Naek: Thank you Mr. Chairman. I have the greatest respect for my friend Senator Syed Ali Zafar Sahib.

میں practicality and ground realities پر آنے سے پہلے یہ کہوں گا کیونکہ I am practicing Lawyer اور جو مجھے to defend my client تکالیف اور پریشانیاں ہوتی ہیں، وہ بعد میں بتاؤں گا۔ میں سب سے پہلے عرض کرنا چاہتا ہوں، آئین کیا کہتا ہے اور آئین یہ کہتا ہے، Article 219 of the Constitution کی Clause C یہ کہتی ہے کہ یہ Election Commission of Pakistan کی power ہے to appoint Election Tribunal. High Court کے Judges کی کوئی power نہیں ہے کہ وہ اپنے آپ کو کسی election dispute پر Tribunal بنا لیں۔ یہ کہا جاتا ہے کہ, no one can be a judge in his own cause اگر ایک جج خود کہے کہ میں یا میرا ساتھی جج election tribunal بنے گا اور election disputes decide کرے گا تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ Article 219 کی نفی ہو گی۔

جناب! اس کے علاوہ Superior Court Judges کا جو Code of Conduct ہے، اس کی بھی نفی ہو گی، وہ خود اپنے آپ tribunal نہیں بنا سکتے۔ اب ایک اور Article 222 of the Constitution ہے، وہ یہ کہتا ہے کہ،

"subject to the Constitution; the conduct of elections and election petitions; the decision of doubts and disputes arising in election petition"

یہ بھی Election Commission کا کام ہے۔ یہ آئین Election Commission of Pakistan کو complete power دیتا ہے، to appoint the Election Tribunal for the purpose of resolution of disputes between the two contesting candidates. اب یہ آئین ہو گیا۔ Ground reality کیا ہے جب 2013 میں elections ہوئے، اس وقت retired judges کو as election tribunals appoint کیا گیا تھا۔ میں آپ کو وثوق سے یہ بات کہہ سکتا ہوں کہ 80% of the election disputes or election petitions were decided by the Election Tribunals comprising of the

اور ان کی retired Judges of High Court and Session Courts میں جاتی ہیں، یہ appeals directly Supreme Court of Pakistan پھر Supreme Court of Pakistan پر ہے کہ انہوں نے کتنی دیر میں یہ فیصلہ کرنا ہے، وہ یہ فیصلہ جلدی کریں یا بعد میں کریں۔ 2013 سے لے کر 2018 تک میں as a counsel بے شمار election petitions میں appear ہوا ہوں اور میری جتنی بھی petitions 100% تھیں، وہ میرے خلاف ہوئی تھیں یا میں نے file کی تھیں، ان سب کا فیصلہ ہو گیا۔

جناب! اب آگے چلتے ہیں، 2018 آ جاتا ہے اور 2018 میں یہ قانون آ گیا کہ sitting Judges of the High Court will be the election Tribunal. With greatest respect to the Judges of the High Court, انہوں نے فیصلے ہی نہیں کئے، ان کے پاس وقت ہی نہیں ہوتا کیونکہ وہ اتنے overburdened ہیں، پاکستان کے ہر شہری کو یہ پتا ہے کہ بے شمار litigations Courts میں pending ہیں۔ Chief Justice of the Supreme Court of Pakistan خود یہ کہتے ہیں، باقی Chief Justice of the provinces بھی یہ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس Judges کی کمی ہے۔ ان Judges کی کمی کی وجہ سے ان کا جو ایک دن کا roster ہوتا ہے اور جو ان کی cause list ہوتی ہے، وہ پوری نہیں کر سکتے۔ جب ان کا main کا کام وقت ختم ہو جاتا ہے پھر وہ Election Tribunal کے cases اٹھاتے تھے، مگر وہ اس وقت mentally and physically اتنے تھک گئے ہوتے تھے کہ وہ case نہیں چلاتے تھے۔ ایک تو یہ reason ہوتی تھی کہ case چلا ہی نہیں۔ دوسرا reason یہ ہوتا تھا کہ اگر ایک tribunal جو کہ sitting judge پر مشتمل ہے میں سندھ کی بات کرتا ہوں، Law Minister sahib پنجاب کی بات کریں گے، سندھ کے اندر کراچی میں اس کی posting ہے یا اس کی sitting Karachi کے اندر ہے، اس کے Chief Justice صاحب اس کو سکھر بھیج دیتے ہیں جیسے ہی وہ سکھر گیا تو tribunal بند ہو جاتا تھا۔ اس لیے 2018 سے لے کے 2024 تک جو الیکشن ہوئے ہیں، election petitions بہت کم decide ہوئی ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ candidates جو کہ سیاستدان ہیں انہوں نے suffer کیا۔ اب ہم سب ادھر سیاستدان بیٹھے ہوئے ہیں، ہم کو تو ایسا قانون بنانا چاہیے جو کہ cheap ہو اور doorstep پر ہو اور

quick justice ملے۔اگر آپ ایسے tribunals بنا دیں جس سے justice ہی نہ ملے تو میں سمجھتا ہوں کہ ان tribunals کا کیا فائدہ؟

سینیٹر علی ظفر صاحب نے independence of judiciary کی بات کی۔What is independence of judiciary? یہ کوئی لفظ ہے آج کل تو ہر جگہ بات ہوتی ، ہر جگہ کانٹا پھنستا ہے تو independence of judiciary پر پھنستا ہے۔Independence of judiciary کا مطلب جو میں سمجھتا ہوں کہ ایک جج بغیر influence ہوئے case کا فیصلہ کرے۔ وہ retired judge بھی کر سکتا ہےاور sitting judge بھی کر سکتا ہے،آج بھی retired judges بے شمار tribunals میں لگے ہوئے ہیں اور آج بھی sitting judges tribunals میں لگے ہوئے ہیں۔ اچھے فیصلے بھی آتے ہیں، برے فیصلے بھی آتے ہیں۔اسی لیے appeals file ہوتی ہیں۔ مگر independence of judiciary کا مطلب ہے کہ کوئی جج کسی کی بات نہیں سنے گا، چاہے وہ سائل ہو، چاہے وہ common man approach نہیں کر سکتا، جج کو کوئی approach نہیں کر سکتا،independent ہو کر اس نے فیصلہ کرنا ہے۔ that is the independence of judiciary and nothing else.آج کتنے جج independent ہیں، اس پر ابھی میں بات نہیں کرنا چاہتا،آپ سب کو علم ہےاور اس کے بارے میں کبھی اور بات کی جائے گی۔ مگر اس وقت میں سمجھتا ہوں اگر ہم نے retired judges کو tribunals میں لگا دیا تو کوئی آفت نہیں آئے گی، جلدی فیصلے ہوں گے اور یہ جو سیاستدان ہیں بلکہ میں سمجھتا ہوں پی ٹی آئی والوں کا فائدہ ہوگا۔ زیادہ تر وہ عدالتوں میں گئے ہوئے ہیں، زیادہ تر وہ petitioners ہیں، they are the complainants جلدی فیصلہ ہو جائے گا، اس کا مطلب ہے یہ خود نہیں چاہتے کہ جلدی فیصلہ ہو، اور ملک کے اندر ایک anarchy رہے۔ ملک کے اندر فساد رہے اور ایک cause کھڑی کرتے رہیں، نہ اجلاس چلے، نہ سینیٹ چلے نہ ملک چلے۔ میں ان سے مودبانہ گزارش کروں گا کہ اس Bill کو پاس کرنے میں حکومت کا ساتھ دیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب! last speaker

**Senator Kamran Murtaza**

سینیٹر کامران مرتضٰی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئر مین! مجھے خوشی ہے کہ پیپلز پارٹی اور فاروق ایچ نائیک صاحب کی طرف سے PTI کے فائدے کی بات کی گئی ہے، میں اسے appreciate کرتا ہوں مگر PTI کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنا فائدہ خود decide کرے نہ کہ اس کا فائدہ پیپلز پارٹی decide کرے۔

جناب چیئر مین! اس وقت اس ملک میں جو مسئلہ ہے، میں اس بات پر insist نہیں کرتا کیونکہ ممکن ہے یہ مسئلہ درست ہو اور ممکن ہے کہ یہ درست نہ ہو مگر اس وقت ملک میں جو مسئلہ درپیش ہے وہ حکومت کے جائز اور ناجائز ہونے کا مسئلہ ہے۔ یہ ہماری طرف سے کہا جاتا ہے ممکن ہے کہ ہم غلط کہہ رہے ہوں مگر ہم کہتے ہیں کہ جو بیٹھے ہوئے ہیں یہ عوام کے chosen representatives نہیں ہیں، کہیں اور سے chosen ہوں گے تو ہمیں پتا نہیں ہے۔ جس طرح سے میں یہ الزام عائد کرتا ہوں یہ درست بھی ہو سکتا ہے اور غلط بھی ہو سکتا ہے۔ اس کے علاوہ حکومت میں بیٹھے ہوئے دوستوں کے خلاف جو ہمارے دوست اور بھائی ہیں، دوسرا الزام کہیں اور پر بھی ہے مگر کہیں اور کا نام لیتے ہوئے بعض اوقات ہمارے پر جل جاتے ہیں تو دوسرا الزام Election Commission of Pakistan پر ہے۔ باوجود اس کے کہ دستور میں یہ لکھا ہوا ہے کہ Election Tribunals کی appointment Election Commission کی domain میں ہے۔ ہم نے دیکھ لیا، ہم نے پڑھ لیا، اسے تازہ بھی کر لیا کہ وہ Election Commission کی domain میں ہے مگر جب الزام Election Commission پر اور ہمارے اس طرف بیٹھے ہوئے دوستوں پر ہو گا تو انہیں more conscious ہونا چاہیے، اس بات کا زیادہ احساس ہونا چاہیے، میرا خیال ہے کہ اگر کسی پر جائز یا ناجائز ہونے کا الزام لگے تو جس پر ناجائز کا الزام لگے اسے اس حوالے سے زیادہ محتاط ہونا چاہیے اور وہ ثابت کرے کہ وہ جائز ہے۔ یہاں پر ایک ایسی legislation لائی جا رہی ہے، ایسی legislation introduce کروائی جا رہی ہے جسے ہم بغیر کمیٹی کے یا بغیر بحث کے carry on کرانا چاہ رہے ہیں، ہم اسے منظور کروانا چاہ رہے ہیں جو زندگی بھر اس بات کو جائز اور ناجائز پر مزید stamp کر دے گا اور ایک منٹ کے لیے فرض کر لیں کہ ہمارا الزام درست نہیں تھا تو بھی ان جائز اور ناجائز کا فیصلہ جب ریٹائرڈ ججوں کے ذریعے جب کروائیں گے تو وہ stamp ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین! یہ جو تجربہ کیا جا رہا ہے یہ کوئی پہلی مرتبہ نہیں ہے، اس سے پہلے بھی یہ تجربہ کیا گیا تھا اور اس تجربے کے بعد شاید ہم نے کہا تھا کہ ہمیں عقل آ گئی ہے، ہم بہتر اور more wiser ہو گئے ہیں اور اس more wiser ہونے کے نتیجے میں ہم نے اسے درست کر دیا تھا۔ آج ہم دوبارہ less wiser ہونے جا رہے ہیں، less wiser شاید آپ اپنی majority کی بنیاد پر ہو جائیں گے، شاید یہ آپ کا حق بھی ہو کہ میں democrat کے طور پر یہ مانتا ہوں کہ جو majority کہے وہ carry بھی ہو جائے گا مگر اسے ہم ریکارڈ پر رکھنا چاہتے ہیں جیسا کہ فاروق نائیک صاحب نے کہا کہ ہم practicing advocates ہیں تو ہمیں پتا ہے کہ ان ریٹائرڈ لوگوں اور ریٹائرڈ ججوں کو کنٹرول کرنا کتنا آسان ہو جاتا ہے۔ ٹھیک ہے میں یہ بات تسلیم کرتا ہوں کہ شاید وہ Article 175 کے domain میں نہیں آتی، اس میں شاید وہ اس طرح سے hit نہیں ہوتے مگر ریٹائرڈ ججوں کی جو ACRs لکھی جائیں گی، اس کے بارے میں جو کچھ بھی کہا جائے گا کیا وہ کہیں پر کنٹرول ہو سکیں گے۔ جناب اس کا جواب ہے کہ وہ کہیں پر بھی answerable نہیں ہیں۔ اگر وہ اللہ کو اور اپنے ضمیر کو answerable نہیں ہیں تو وہ اس نظام کو بھی answerable نہیں ہیں، یہاں High Court کا جج Article 209 میں answerable ہے اگر کہیں سپریم کورٹ کا جج ہے تو وہ بھی answerable ہے، اس کے خلاف reference لایا جا سکتا ہے۔ ان کے خلاف کوئی provision ایسی نہیں ہے کہ کل آپ ان کو answerable کر سکیں۔ جناب میری ایک آخری بات سن لیجیے کہ وہ خود کو بدلتے نہیں، قرآن کو بدل دیتے ہیں۔

جناب چیئرمین: I have heard both sides, بہت اچھی بات کی اور catharsis ہوا ہے۔

It has been moved that the Bill further to amend the Elections Act, 2017 [The Elections (Amendment) Bill, 2024], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: We may now take up second reading of the Bill i.e. clause by clause consideration of the Bill. Clause 2, there is no amendment in Clause 2,

so I will put this clause before the House. The question is that Clause 2 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 2 stands part of the Bill. We may now take up Clause 1, The Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, do stand part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The Preamble and the Title, stands part of the Bill. Senator Azam Nazeer Tarar, please move Order No.5.

Senator Azam Nazeer Tarar: Sir, I wish to move that the Bill further to amend the Elections Act, 2017 [The Elections (Amendment) Bill, 2024], be passed.

Mr. Chairman: It has been moved that the Bill further to amend the Elections Act, 2017 [The Elections (Amendment) Bill, 2024], be passed.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The Bill stands passed.

(اس موقع پر اپوزیشن اراکین ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

جناب چیئرمین: سینیٹر اعظم نذیر تارڑ۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: آپ نے بہت تحمل سے سنا یہ جو نعرے بازی ہے میرے خیال سے پارلیمانی روایات کے خلاف ہے۔ یہ ایک دستور بن گیا ہے۔

Mr. Chairman: I will say that to honourable Senator don't make it as National Assembly, we will take strict actions here.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں صرف یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ ہمیں بہت قانون اور دستور کے sermons دیے گئے لیکن جیسے سینیٹر فاروق نائیک صاحب نے کہا میں یہ بات record پر رکھنا چاہتا ہوں کہ آئین کا Article 219 اور اس کی Clause (c) میں clarity کے ساتھ ہمارے framers نے کہا کہ election commissioner appoint کرنے کا اختیار election commission کا ہی ہے اور یہ 1973 سے لے

کر آج تک کی position ہے۔ فاضل سینیٹر علی ظفر صاحب قانون کے بہت اچھے طالب علم رہے ہیں اور قانون دان سمجھے جاتے ہیں۔ انہوں نے آج mis-state کیا ہے کہ یہ اختیار High Court کے judges کا ہے۔ جناب چیئرمین! یہ mis-statement تھی۔

ایک دوسری وضاحت پیش کرنا چاہوں گا آئین کے Article 222 کے تحت جیسے کہ فاروق نائیک صاحب نے کہا کہ election کیسے ہونا ہے؟ Tribunals کیسے بننے ہیں؟ Tribunals میں کون ہوگا؟ یہ اختیار پارلیمان کا ہے یہ آئین کے تحت High Courts کا نہیں ہے۔ میں ہمیشہ کہتا ہوں کہ ہم اپنا اختیار کسی کو نہیں دیں گے۔ انہوں نے ہر قانون سازی challenge کی ہے اور اپنی داڑھی کسی اور کے ہاتھ میں پکڑائی ہے۔ میں قانون ساز ہونے کے حوالے سے اس House کو appreciate کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے ہمیشہ وہ قانون سازی کی جو کہ آئینی اصولوں کے عین مطابق ہے اور میں پھر وضاحت سے یہ بات کروں گا کہ اس amending bill کا ایک coma or full stop بھی جو Consensus Provision تھی 2017 کی اس کے علاوہ نہیں ہے۔ یہ original کی بحالی ہے اور ہمارے دوستوں کو یہ بھی پتہ ہونا چاہیے انہوں نے کہا کہ یہ عدلیہ کی آزادی پر ایک حملہ ہے۔

جناب چیئرمین! محرم علی کیس میں 1998 میں Supreme court of Pakistan کے larger bench نے یہ وضاحت کے ساتھ کہہ دیا کہ دو قسم کے tribunals جو ہیں وہ آئین کی پیداوار ہیں۔ آئین کے تحت بنتے ہیں۔ Tribunals under Article 212 جو service matters کو deal کرتے ہیں اور Tribunals under Article 225 جو election petition سنتے ہیں۔

(اس موقع پر اپوزیشن اراکین دوبارہ ایوان میں تشریف لائے)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: محرم علی کیس میں I am throwing the challenge, I am reading the lines اس لیے کہ علی ظفر صاحب نے ہمیں پڑھایا ہے میں کمزور استاد ہوں لیکن میں تصحیح کر دوں علی ظفر صاحب کہ محرم علی آج بھی field میں ہے اور یہ judgment reverse نہیں ہوئی۔ اس میں انہوں نے بڑی وضاحت کے ساتھ کہہ دیا کہ:

The framers of the Constitution envisaged that Article 175, 202 and 203, they have expressly

provided for the same in the Constitution in this regard reference may again be made to Article 212 of the Constitution which envisaged the establishment of administrative courts and tribunals in respect of matters relating to terms and conditions of service and so on.

اس سارے کو کرکے دوبارہ انہوں نے کہا کہ:

It may be stated that under Article 225 of the Constitution it has been provided that no election to a House and Provincial Assembly shall be called in question except by an election petition presented to such tribunal and in such manner as it may be determined by Act of Majlis-e-Shura under the above provision also tribunals or special courts can be constituted which maybe outside the purview of Article 175, 202 and 203 of the Constitution. Thank you.

جناب چیئرمین: وہ تو انہوں نے آپ کی بات کا جواب دیا ہے۔ We have to follow the agenda.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: علی ظفر صاحب۔

سینیٹر سید علی ظفر: Tribunals ہی election disputes کا فیصلہ کرتے ہیں لیکن یہ record پر آ جائے بس ٹھیک ہے۔ جناب چیئرمین! جو appointment کا process ہے independent judges or independent tribunals کی appointment کے process کو یہ negate کر سکتے ہیں اور یہ قانون میں negate کر رہے ہیں۔ یہ کہتے ہیں کہ retired judges ہوں گے تو بہت honest رہیں گے۔ I think جو sitting judges ہیں اس کے خلاف ہیں یہ law sitting judges کے خلاف ہے۔ یہ بھی sitting judges کے خلاف ہو گئے ہیں we will stand with our judges. ہم اپنے sitting judges کے ساتھ کھڑے ہوں گے and we will not leave them.

جناب چیئرمین: شبلی فراز صاحب۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب چیئرمین! Arguments جو بھی دیں میں وکیل نہیں ہوں، ہمارے جو وکیل ہیں انہوں نے بہت بہترین طریقے سے سارے law کو بیان کیا ہے۔ میرا ایک ہی سوال ہے میں وکیل نہیں ہوں اور جو باقی بھی بیٹھے ہوئے ہیں، ادھر ہمارے جو guests بیٹھے ہوئے ہیں، ہمارے جو journalists بیٹھے ہوئے ہیں۔ یہ جو arguments آج دے رہے ہیں تو کیا ہوا کہ 05th August, 2023 میں یہی چیز حلال تھی آج حرام ہو گئی۔ اگر حرام تھی توآج حلال ہو گئی، تو یہ اس طرح نہیں ہوتا۔ ایک سال بھی نہیں گزرا کل یہی arguments دے رہے تھے۔ Justice Munir کے بارے میں Justice Munir enjoys infamy in the judicial history ان کے بارے میں یہ کہا جاتا تھا کہ وہ ایک وقت میں دونوں طرف کے فیصلے دے سکتے ہیں with very very cogent arguments. I think our Law Minister is following the footsteps of Justice Munir.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: You have no right to comment like this. آپ یہ قسم کھا کر اس ایوان میں آئے ہیں کہ آپ نے ہر بات کو اپنی cassette پر fit کرنا ہے اور وہی tape چلانی ہے جو آپ کو وہاں سے ڈال کر بھیجی جائے۔

Mr. Chairman: Minister-In-Charge Cabinet Secretariat may move Order No.6.

## **Laying of the Annual Report of the National Economic Council (NEC) for FY 2020-21**

Senator Azam Nazeer Tarar: I, wish to lay before the Senate the Annual Report of the National Economic Council (NEC) for the Financial year 2020-21, as required under clause (5) of article 156 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

It is a Constitutional requirement and this has been laid before in this House.

Mr. Chairman: Report stands laid.

Calling Attention Notice, Senator Samina Mumtaz Zehri. Because you wanted to speak on the same subject which has been cleared.

میں نے یہ oppositionکے احترام میں کیا۔

I only respected the Leader of the Opposition.

(مداخلت)

Mr. Chairman: You can hold a press conference. Yes Senator Samina Mumtaz Zehri, please.

**Calling Attention Notice raised by Senator Samina Mumtaz Zehri regarding the alarming statistics revealed by BMERC with respect to road accident in Balochistan**

Senator Samina Mumtaz Zehri: I, would like to draw attention of the Minister for communications towards alarming statistics revealed by the Balochistan Medical Emergency Response Centre (BMERC) according to which during the last five years over 46,000 accidents have occurred on Highways of Baloshistan due to their deteriorating conditions which resulted into deaths of hundreds of commuters and injuries to thousands.

Mr. Chairman: You want to explain?

Senator Samina Mumtaz Zehri: Yes, I would like to explain. Mr. Chairman! There are basically about eight National Highways and these have great significance in regional trade from Pakistan to Iran, Afghanistan and Central Asian State. These highways cover about 4500 km and which is about 30.42% of NHAs road network.

In last five yearsان کا جوaccidentsکا alarming number

ہے وہ46000ہے which have occurred and 63000 people have been injured and 1221 people have died. This matter has come under the notice of Supreme Court where the judges have also found rampant corruption in NHA affairs in 2021. The CJP observed that according to a report in 2018, 5982 people died and

12894 road accidents have occurred. Matters of these highways are called bloody highways, I am not abusing them I am just, in translation they will be called خونی راستے خونی ہائی ویز۔ جناب چیئرمین! یہ topic بہت مرتبہ اس House میں raise ہو چکا ہے۔ NHA کی Corruption کے بارے میں بھی ہم discussion کر چکے ہیں۔ We have also on various occasions and my colleagues from Balochistan have also raised this issue over and over again. جناب چیئرمین! میں نے اپنی provincial assembly میں بھی یہ سنا اور پچھلے تین سال سے I have been listening to people cry about that we don’t have basic necessities like no water, no highways, no infrastructure in Balochistan. جناب چیئرمین! میں بڑا intrigue ہوئی تھی اس معاملے سے کہ یہ ہر دفعہ ایسی باتیں کیوں کرتے ہیں حالانکہ natural resources بلوچستان کے سب سے زیادہ ہیں اس کے باوجود ہمارے وہاں کے لوگ are deprived and this is something of national interest. I wrote to the Auditor General and I wanted to investigate why no efforts were being made in the highways subject. Sir, I was not surprised when I received the report that was sent to me from 2012 to 2023, that’s about 10 years, along with details of corruption of funds. Sir, the corruption of these funds were made by all the previous Governments that have passed, in the last 10 years and Sir, politicians should be held accountable even though ایک پوری Auditor General کی رپورٹس میرے پاس موجود ہیں جس کے اندر یہ ساری کی ساری details موجود ہیں کہ کتنے انہیں funds ملے ہیں اور کتنی کرپشن ہوئی ہے۔ جناب چیئرمین! اس کے باوجود they keep on making excuses. Sir, this corruption and misappropriation of funds and theft of tax money is what leads to loss and damages of the nation. جناب چیئرمین! اگر یہ فنڈ ہم اس وقت صحیح طریقے سے استعمال کر لیتے تو آج اتنے زیادہ accidents بھی نہ ہوتے، Road بھی بن جاتی اور دوسرے فنڈ جو ان کو

مسلسل nonstop ملتے جا رہے ہیں over and over again, یہ کہیں اور لگ چکے ہوتے، کسی اور کو benefit مل چکا ہوتا، ہماری youth کو، ہمارے عوام کو جو ابھی تک بے چاری ہر level پر suffer کر رہی ہے۔ Sir, and these are the same people, the Governments previously have been crying about these funds کہ ہمیں PSDP میں funds نہیں ملتے۔ جناب چیئرمین! یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے یہ سارے پیسے کرپشن میں استعمال کیے تھے، for their own personal gains or to be used to support their own elections campaigns and everything. Sir, I have an extensive report on this matter which needs to be referred to the Committee because I would like to call all these people and hold them accountable for all these things. We prefer کہ وہاں پر بیٹھ کر detail میں بات ہو، because I can talk for about 2 hours on this subject. Sir, I would like to have all the people involved in this present there so they can actually answer to where the funds have been used or misappropriated where did they go and what happened? Sir, if this is not called in the Communications Committee then I would take it up in the Human Rights Committee because this is the Human Rights issue, where because of their negligence and their corruptions all these people have died and Sir, they are responsible, they should be held responsible for not only corruption but also for the accountability of all these people who have passed away and their loved ones are suffering. Thank you.

Mr. Chairman: Thank you. Senator Muhammad Humayun Mohmand.

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ایاک نعبد وایاک نستعین۔ شکریہ، جناب چیئرمین کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ Although بل تو پاس ہو گیا ہے لیکن میں ایک دو باتیں کرنا چاہتا ہوں۔ جناب چیئرمین! دیکھیں بات یہ نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: مہمند صاحب! پہلے منسٹر صاحب جواب دے دیں پھر آپ بات کر لیں۔ جی، منسٹر صاحب۔

**Mr. Abdul Aleem Khan, Minister for Privatization**

جناب عبدالعلیم خان (وزیر برائے نجکاری): شکریہ، جناب چیئرمین! ہماری محترمہ فاضل رکن نے جو point raise کیا ہے یہ بڑا valid ہے اور یہ بالکل ٹھیک ہے جیسا کہ انہوں نے کہا ہے کہ وہاں پر جو accidents کی اموات ہیں وہ 2019 سے 2024 تک کوئی 165 کے قریب ہے۔ اس میں جو اچھی چیز ہے وہ یہ ہے اور positive بات ہے کہ اس میں بتدریج کمی آئی ہے۔ جو میرے پاس اعداد و شمار آئے ہیں 2019 تا 2021 اور 2022 تا 2024 کے دوران جو fatal accidents تھے ان میں کم از کم آدھے کا فرق پڑھا ہے۔ تو میں یہ نہیں کہہ رہا اور نہ میں justify کر رہا ہوں کہ کارکردگی بہتر ہو گئی ہے لیکن میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اس میں بہت گنجائش ہے لیکن اس کا مطلب یہ بھی نہیں ہے کہ یہ accidents صرف کرپشن کی وجہ سے ہو رہے ہیں۔ یہ اس لئے بھی ہو رہے ہیں کہ ہمارے لوگ over speeding کرتے ہیں۔ جہاں پر حد رفتار 80 سے 100 تک ہے وہاں پر لوگ 130 سے 150 تک بھی گاڑی چلاتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب عبدالعلیم خان: اگر مجھے محترمہ بہن اجازت دیں گی تو میں اپنی بات ختم کر لوں تو پھر جو آپ کا سوال ہوگا اس کا بھی جواب دوں گا۔

جناب چیئرمین: منسٹر صاحب تیاری کرکے آئے ہیں۔ پہلے ان کو سن لیں۔

جناب عبدالعلیم خان: اس میں صرف کرپشن نہیں ہے۔ میں کرپشن کو justify نہیں کر رہا ہوں اور نہ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ کرپشن نہیں ہو رہی۔ کرپشن بالکل ہو رہی ہے اور آپ نے جو نشاندہی کی کہ ہمارے مختلف ادوار میں جو حکومتیں رہی ہیں اور ان میں جو ممبر رہے ہیں وہ اس میں شامل ہیں۔ تو میں بالکل آپ کی بات سے متفق ہوں۔ میں تو آپ کی کسی بات سے اختلاف نہیں کر رہا لیکن میں تو صرف پچھلے تین مہینوں کا جواب دے سکتا ہوں۔ اس کا جواب آپ مجھ سے لے لیں اور باقی جو پچھلے ادوار کی کرپشن ہے وہ آگے پیچھے جتنے بھی ہیں ان سب سے لے لیں۔ اگر تین مہینے کا ہے تو میں جواب دینے کے لے تیار ہوں۔ اگر میرے دور میں ہوئی ہے تو میں ان شاءاللہ اس کا جواب ضرور دوں گا۔ جس طرح ہماری محترمہ بہن نے کہا ہے

میں ان کے لئے یہ بھی کہہ دوں کہ ہمارے ہاں accidents کی بہت ساری وجوہات ہیں۔ ان میں over speeding ہے، ایک careless driving ہے، mechanical failures ہیں۔ خاص طور پر ہماری بسیں اور وین کا بہت پرانا ہونا، mechanically اب وہ اس قابل نہیں ہیں کہ وہ ان سڑکوں پر آئیں۔ اس پر نہ صرف ہمیں موٹروے، جی ٹی روڈ پر بلکہ ہماری وہ سڑکیں جو provincial Governments کے under ہیں ان پر بھی ہمیں اپنے safety measures کو ٹھیک کرنا پڑے گا۔ میں آپ کو اپنے محکمے کا بتا دیتا ہوں کہ ہم اس میں کیا کرنا چاہ رہے ہیں۔ ہم تو صرف اس میں ایک تو motorways police کو depute کرنا چاہ رہے ہیں۔ اس کے لئے ہم نے جو فیصلہ کیا ہے اس میں ہم تقریباً ہماری جو beat بنتی ہے جو تقریباً 50 سے 60 افراد پر مشتمل ہوتی ہے۔ جناب چیئرمین! یہ 7 beats ہیں جو N-10 اور N-25 پر موجود ہیں۔

N-10 is Makran coastal, N-25 is RCD Highway, then N-50 is Kuchlak-Zhob D.I.Khan, N-85 is Khushab-Sarub, N-95 is Sukkur-Quetta and then Khuzdar-Basima N-30 and then M-80 Khushab-Gawadar.

جناب چیئرمین! ہمارے یہ جو 7 Roads ہیں ان پر تقریباً 2500 کے قریب اہلکاروں کو تعینات کرنا چاہ رہے ہیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہم جلد ہی اس کو کر لیں گے۔ ہم نے اس کے لئے advertisements دے دئے ہیں۔ اس کے لئے انٹرویو ہو رہے ہیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جیسے ہی وہ ہوتے ہیں ہم ان کو appoint کریں گے۔ اس سے بھی فرق پڑے گا اور اس کے ساتھ ساتھ اس وقت جو ہمارا خرچہ ہے۔ بلوچستان میں 4037 کلومیٹر اس کی لمبائی ہے۔ جناب چیئرمین! میں آپ کی اجازت سے ایک تلخ بات بھی کرنا چاہتا ہوں۔ ان 4037 کلومیٹر جو بلوچستان میں ہے اس میں ایک بھی ٹول پلازہ نہیں ہے۔

(مداخلت)

جناب عبدالعلیم خان: میری بہن اگر مجھے اجازت دے دیں تو میں اپنی کو ختم کر دوں۔

Mr. Chairman: No cross talk.

آپ تشریف رکھیں۔ آپ کو time مل جائے گا۔

جناب عبدالعلیم خان: جناب چیئرمین! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جب ہم نے یہ فیصلہ کر لیا ہے کہ ہر چیز for free ہوگی اور یہ موٹرویز اور ہائی ویز بنیں گی۔ یہ سڑکیں بھی بنیں

گی۔ پھر ان کی rehabilitation بھی ہو گی اور ہم ان کو دوبارہ maintain بھی کریں گے۔ ہم پیسے نہیں دیں گے۔ تو جب ہم نے پیسے نہیں دینے ہیں۔ ہم نے 4037 کلومیٹر پر ایک روپیہ بھی نہیں دینا ہے۔ جناب چیئرمین! تو ان سڑکوں کو پھر دوبارہ کیسے ٹھیک کریں گے؟ ان کی repair and maintenance کیسے ہو گی۔ ان کے safety and security measures کیسے لیے جائیں گے؟

(اس موقع پر جناب ڈپٹی چیئرمین، سینیٹر سیدال خان کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب عبدالعلیم خان: میری گزارش ہے کہ تھوڑا سا ہم اس side پر بھی دیکھیں کہ محکمہ بھی اس میں ملوث ہے۔ اس میں آپ کے باقی ادارے بھی ملوث ہیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ ہم یہ بھی مانیں کہ ہمارے لوگ بھی reckless driving کرتے ہیں۔ ہمارے لوگ بھی over-speeding کرتے ہیں، وہ گاڑیاں جو کہ اس قابل نہیں ہیں کہ ان کو موٹر ویز یا جی۔ٹی۔ روڈ پر پر لایا جائے، ان کو بھی وہ لے کر آتے ہیں اور لوگوں کی جانوں کے ساتھ کھیلتے ہیں۔ جب ایک ڈرائیور 130 یا 140 کی رفتار پر ایک ایسا موڑ کاٹ رہا ہوتا ہے جس پر اس کو control نہیں ہوتا اور اس کے نتیجے میں accident ہو جاتا ہے تو اس پر آپ NHA کے عہدیدار، موٹر وے پولیس یا کسی اور پولیس کو ذمہ دار نہیں قرار دے سکتے۔ اس حوالے سے ہمیں ایسے actions لینے پڑیں گے کہ یہ ڈرائیورز، ان موٹر ویز پر نہ چڑھ سکیں۔ میں چاہوں گا کہ صرف وفاقی حکومت ہی نہیں بلکہ صوبائی حکومتیں بھی اس معاملے پر ساتھ دیں۔ ان سب کی، خاص طور پر جو ہمارے کمرشل ڈرائیورز ہیں، ہم ان سب کی دوبارہ checking کریں۔ ان ڈرائیورز کے پاس اس وقت جو licenses ہیں، اس میں سے کسی ایک کا بھی انہوں نے test pass نہیں کیا لیکن ان سب کو licenses دے دیے گئے۔ یہ بات ہم سب جانتے ہیں۔

جب ایک شخص جو 70 جانوں کو لے کر جا رہا ہے اور اس کے پاس لائسنس نہیں ہے، اس کے بعد جب وہ گاڑی کا accident کرتا ہے تو ہم صرف کسی ایک ادارے یا کسی ایک organization کو اس کا blame نہیں دے سکتے۔ ہمارا پورا سسٹم اس میں قصوروار ہے۔ میں اپنے حصے کی ذمہ داری لینے کے لیے تیار ہوں لیکن میں یہ بھی چاہتا ہوں کہ ہم سب اپنے اپنے حصے کی ذمہ داری لیں۔ اس میں ہماری بہن ہمارے ساتھ بیٹھیں۔ ہم صوبائی حکومتوں کو اس حوالے سے involve کریں۔ سب سے پہلے ہم اپنی testing کو ٹھیک کریں۔ جتنی

ہماری highways ہیں، انہیں ہم protect کریں اور خاص طور پر ان جگہوں کو جہاں roads narrow ہیں اور وہاں پر overtaking ہوتی ہے۔ جناب! Overtaking ایسے ہوتی ہے کہ سات سات اور دس دس گاڑیاں اکٹھی overtake کرتی ہیں۔ اس کے نتیجے میں پھر حادثات ہوتے ہیں۔ یہ سب over-speeding کی وجہ سے ہے، reckless driving کی وجہ سے ہے اور ان ڈرائیورز کی وجہ سے ہے جن میں سے کسی کو بھی ڈرائیونگ لائسنس، ڈرائیونگ کا امتحان pass کرنے کی صورت میں نہیں دیا گیا۔ ان سب نے گاڑیوں کے اندر بیٹھ کر ہی گاڑیاں چلانی سیکھی ہیں اور ان میں سے آج تک کسی ایک نے بھی امتحان نہیں دیا بلکہ وہ امتحان کے قریب سے بھی نہیں گزرے لیکن ان سب کے پاس ہر قسم کا لائسنس موجود ہے۔ ان کے پاس heavy سے heavy ڈرائیونگ لائسنس موجود ہے لیکن ان میں سے کبھی کسی نے test نہیں دیا۔ اس حوالے سے اگر ان کی کوئی رائے ہے جو وہ سمجھتی ہیں کہ ہمارے لیے مفید ہو سکتی ہے تو جناب! ہم بالکل حاضر ہیں۔ جناب! آپ کا بہت شکریہ۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: میرے بھائی، منسٹر صاحب نے بہت اچھا فرمایا۔ انہوں نے جو آخری بات کی، اس سے میں agree کرتی ہوں۔ منسٹر صاحب نے صوبائی اسمبلیوں کے حوالے سے جو بات کی کہ ان کو بھی بٹھائیں، میں اس سے agree کرتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی سے بھی لوگوں کو بٹھائیں۔ NHA بھی responsible ہے۔ آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ آڈیٹر جنرل کی رپورٹ غلط ہے۔ انہوں نے 2012 سے لے کر 2023 تک مجھے تمام details بھیجی ہیں۔ This detail relates to the corruption that the officers, politicians and the governments have done. So, you are saying that they are wrong. They have audited this thing. دوسری بات، آپ نے کہا کہ tolls نہیں ہیں۔ تین tolls ہیں۔ ایک حب میں ہے، ایک کوئٹہ میں ہے اور ایک مکران میں ہے۔ تین tolls ہیں۔ تیسری بات، main کراچی سے ٹریفک، حب کی طرف چلتی ہے۔ This road goes all the way to Makran through Uthal. بات یہ ہے کہ پچھلے پورے دس سال کے اندر یہ road نہیں بنی۔ آپ مجھے یہ بتا رہے ہیں کہ reckless driving is the only reason. You think we don’t have reckless drivers in other provinces. Don’t you think that these bus and truck drivers are only in one

province?آپ کراچی کے اندر رات کے وقت دیکھیں کہ کس طریقے سے reckless drivingہوتی ہے۔

(اس موقع پر ایوان میں اذانِ مغرب سنائی دی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: ویسے منسٹر کے جواب کے بعد تو آپ کا بات کرنا نہیں بنتا مگر آپ مختصراً اپنی بات کوcomplete کریں۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: نہیں جناب! چیئرمین صاحب نے مجھے previously روکا کہ آپ رک جائیں، ان کو جواب دینے دیں۔ جناب! منسٹر صاحب غلط بات کرکے گئے ہیں کہ صرف reckless driving کی وجہ سے بلوچستان میں accidents ہوتے ہیں۔ سڑکیں موجود نہیں ہیں جبکہ آپ ڈرائیورز کوblame کر رہے ہیں۔ آپ اپنا قصور نہیں مانتے جبکہ دوسروں پر blame ڈالنے کے لیے تیار ہوتے ہیں۔ جو کرپشن ہوئی ہے، وہ انہوں نے دیکھی نہیں ہے۔ آڈیٹر جنرل کی ساری رپورٹ غلط ہے جبکہ ان کی بات صحیح ہے۔ میں نے تو بولا ہے کہ Communications کی کمیٹی کے اندر بٹھا کر، سب کو بلا کر ہم بات کرتے ہیں۔ جناب! آپ کو تو زیادہ پتا ہوگا کہ قلات سے کوئٹہ کا road نہیں ہے۔ کراچی سے مکران کا road نہیں ہے۔ Main roads تو یہ ہیں۔ آپ بتائیں کہ بلوچستان میں سب سے زیادہ accidents کیوں ہوتے ہیں۔ آپ سارے کا سارا blame ڈرائیورز پر ڈال رہے ہیں۔ Now, you want to appoint more people. Where will you appoint these people? In the jungle?جب سڑکیں ہی نہیں ہیں تو آپ ان کو کہاںappoint کروگے؟ اب یہ ان کا ٹینڈر pass کرنے کا نیا طریقہ ہے۔ ان سب لوگوں کو بٹھائیں جنہوں نے یہ ٹینڈرز pass کیے تھے اور اس طریقے سے پیسے لیے تھے۔ ان سب کو بٹھا کر ان کیaccountability کریں۔ نہیں کریں گے تو ان سب پر کم از کم یہ الزام لگائیں کہ یہ جو لوگ مرے ہیں، جو injured ہوئے ہیں، جنہوں نے اپنی ٹانگیں کٹوائی ہیں، ہاتھ کٹوائے ہیں، جن کوpermanent injuriesہوئی ہیں، ان کو چاہیے کہ اس کیaccountability دیں۔ ہمارےprevious Chairmanکے بھائی کا انتقال بھی اُدھر ہوا تھا۔ یہ topic اس وقت بھی raise ہوا تھا۔ Nobody did anything. This is just a money making thing for all these governments over and over again. They have not done anything.اب یہ دعویٰ کر رہے ہیں کہ ہمارا قصور نہیں ہے اور سب کچھ

Sir, this is ridiculous. Now, the پر ڈال دیا جائے۔ public Minister is not there to answer.اچھا، نماز پڑھنے گئے ہیں۔ ماشاءاللہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی مہمند صاحب۔

**Point raised by Senator Muhammad Humayun Mohmand regarding law making in view of doctrine of necessity**

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! شکریہ۔ سینیٹر ثمینہ صاحبہ کو معلوم نہیں ہے کہ Probably we are actually in the jungle. یہیں پر لوگوں کو deploy کیا جائے گا۔ Law بھی جنگل کا ہی ہے۔ بہر حال، جناب! میں جو بات کرنا چاہ رہا تھا، اس کا کوئی فائدہ تو نہیں ہوگا لیکن میں in principle ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔ جناب! ہمارا کام ہے کہ ہم law pass کریں۔ اب اگر اس میں as members of this House ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ریٹائرڈ ججز کو ہونا چاہیے تو ہونا چاہیے۔ اگر ہم سمجھتے ہیں کہ sitting judges کو ہونا چاہیے تو ہونا چاہیے۔ مسئلہ کب پیدا ہوتا ہے؟ مسئلہ تب ہوتا ہے جب ہم actually نظریۂ ضرورت کے تحت law بنانا شروع کردیتے ہیں۔ 1954 میں جب نظریۂ ضرورت کا law pass ہوا تھا، doctrine of necessity جس کے تحت اس وقت کے گورنر جنرل غلام محمد صاحب نے way pave کیا تھا کہ democracy کو کیسے derail کیا جائے اور کس لحاظ سے ہم ہر غلط بات کو justify کردیں۔ آج جو ہم کر رہے ہیں، جیسے پہلے باتیں ہوئی تھیں۔ جناب والا! آپ نے ایک قانون بنایا، سب نے مل کر اسے amend کیا اور سب نے سمجھا کہ اس کے اندر یہ چیزیں نہیں ہونی چاہییں۔ اب اچانک آٹھ مہینے، سال بعد ایسی کون سی بات ہو گئی ہے کہ ہم دوبارہ سمجھ رہے ہیں کہ اس کو ہونا چاہیے اور وہ بھی ایک ایسے وقت پر جب tribunals announce ہو گئے ہیں، جب وہ cases already courts میں ہیں۔ جب اس طرح ہوتا ہے اور فرض کریں کہ اگر وہ tribunals کسی وجہ سے کوئی بھی فیصلہ لیتے ہیں تو آپ لوگوں نے اسے controversial کردیا ہے، one way or another way کوئی اس کی بات نہیں مانے گا۔ اگر انہوں نے پاکستان تحریک انصاف کے خلاف فیصلہ کیا تو ہم بالکل نہیں مانیں گے کیونکہ in the middle آپ law change کر رہے ہو۔ اگر انہوں نے کسی وجہ سے پاکستان تحریک انصاف کے حق میں فیصلے کیے تو وہ لوگ نہیں مانیں گے، وہ کہیں

گے کہ دیکھا پاکستان تحریکِ انصاف یہ کہہ رہی تھی۔ آپ اس طرح کے decisions ضرور لیں لیکن اُس وقت نہ لیں کیونکہ اس سے ہم اپنے سارے اچھے کام کو controversial کر دیتے ہیں، ہمیں کیا ضرورت ہے کہ ان controversies بنانے کی؟ مسئلہ اس چیز کا ہے اور اس سے ایک چیز ظاہر ہوتی ہے کہ اس سے جو school of thought ہے، جس basis پر ہم وہ چیز کر رہے ہیں، اس کے پیچھے ایک *mala fide* intention نظر آتی ہے۔ ہم اپنے اچھے کام بھی غلط کر دیتے ہیں۔ اس لیے میری درخواست تھی، اس کا کوئی فائدہ نہیں ہے لیکن ہمارے اندر اصل problem یہ ہے کہ ہم لوگ نظریہ ضرورت کے تحت قانون pass کر سکتے ہیں اور NAB کے اندر جو amendments آ رہی ہیں، وہ بھی نظریہ ضرورت ہی ہے۔

جناب والا! ہم لوگوں نے ابھی بجٹ pass کیا ہے، اس میں بھی ہم نے نظریہ ضرورت کیا ہے، ہم کہتے ہیں کہ ہم ایک progressive tax لا رہے ہیں جو مالدار آدمی ہے وہ 45% tax دے گا، چلیں اس میں بھی کوئی مسئلہ نہیں ہے، وہ ضرور دے لیکن آپ اس پر 10% super tax لگا رہے ہیں۔ اس کو چھوڑ دیں، جتنے بھی taxes ہیں ان پر آپ 20, 25% indirect taxes ہیں۔ جب آپ end میں دیکھیں تو end میں ہر ایک آدمی tax bracket سے almost around 20, 30% زیادہ tax دے رہا ہے بلکہ 40% زیادہ tax دے رہا ہے۔ جب آپ اس طرح کی policies بنا رہے ہوتے ہیں تو آپ ان چیزوں کو نہیں دیکھتے۔ اچھا مثال دے دیں گے کہ فلاں ملک میں دیکھ لیں، آپ Norway کو دیکھ لیں، آپ اُس ملک کو دیکھیں، آپ اُس ملک میں یہ دیکھیں کہ حکومت return میں کیا دے رہی ہے؟ ہمارا ایک یہ بھی مسئلہ ہے، ہم کہتے ہیں کہ باہر سے کوئی آ کر invest کرے، آپ بتائیں as a parliamentarians, as a political leaders, ہم لوگوں نے اپنا پیسا باہر رکھا ہوا، ہم باہر والوں کو کہتے ہیں کہ پاکستان میں invest کریں۔ مجھے سمجھ نہیں آ رہی کہ ہم لوگ کس طرف جا رہے ہیں، یہ سب نظریہ ضرورت کے تحت ہو رہا ہے اور یہی چیز ہے جو پاکستان کو وقت کے ساتھ ساتھ نیچے لے کر جا رہی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ اس کے لیے motion لے کر آئیں۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب والا! میں لے کر آ رہا ہوں لیکن آخری بات۔ آپ کو پتا ہے کہ اس Bill کو کل آنا چاہیے تھا کیونکہ کل پانچ جولائی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: وزیر صاحب کو چیئرمین صاحب نے اپنے Chamber میں بلایا تھا، آپ نے اس حوالے سے جو بات کی ہے۔ اس پر بہت بات ہو گئی، اس پر مزید بات نہیں ہو سکتی ہے۔ شکریہ۔ توجہ دلاؤ notice کو نمٹایا جاتا ہے۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کا اس پر نہیں بنتا، اس پر قانون pass ہو گیا ہے، آپ کس طرح بات کر سکتے ہیں؟ آپ کو allow نہیں کر سکتے ہیں۔ Order No. 8. اب ہم دونوں ایوانوں سے صدرِ مملکت کے خطاب پر بحث کا آغاز کرتے ہیں۔ اس پر کسی نے بات کرنی ہے؟

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: قانون pass ہوا ہے، آپ اس پر کس طرح بات کر سکتے ہیں؟

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ بات کرنا چاہتے ہیں تو motion move کر لیں۔

(مداخلت)

سینیٹر جان محمد: انہوں نے جواب دیا ہے کہ یا اسے کمیٹی میں refer کریں یا اس پر تھوڑی سی اور بات کریں۔ بلوچستان میں NHA کا جو issue ہے۔

جناب عبدالعلیم خان (وزیر برائے مواصلات): معزز ممبر ہیں، ہماری معزز بہن ہیں، جو بات کرنا چاہتی ہیں، میں حاضر ہوں، میں یہاں بیٹھا ہوا ہوں، میں تو پچھلے تین گھنٹوں سے یہیں بیٹھا ہوا ہوں۔ مجھے کیا اعتراض ہے کہ کمیٹی کو بھیج دیں، اس کو کمیٹی میں بھیج دیں جی۔

(مداخلت)

جناب عبدالعلیم خان: جناب والا! اگر یہ کمیٹی کو بھیجنا چاہتے ہیں تو اسے کمیٹی میں بھیج دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی اسے کمیٹی کو refer کرتے ہیں۔ اگر کسی نے اس پر مزید بات کرنی ہے تو اس کے لیے motion لائیں پھر بات کریں گے۔ Order No. 8. اب

ہم دونوں ایوانوں سے صدرِ مملکت کے خطاب پر بحث کا آغاز کرنا چاہتے ہیں، اگر اس پر کوئی بات کرنا چاہے تو وہ بات کرے۔

(مداخلت)

**<u>Pointing of quorum by Senator Samina Mumtaz Zehri</u>**

**سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری:** جناب والا! ایوان کا quorum پورا نہیں ہے۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین:** کیونکہ quorum کی نشاندہی ہو گئی ہے۔ یہ ایوان بروز جمعہ 5th July, 2024, 10:30 am تک ملتوی کیا جاتا ہے۔ شکریہ۔

....................

*[The House was then adjourned to meet again on Friday, the 5th July, 2024 at 10:30 am]*

....................